ٹائیٹل طبع اول

برکات الدُّعاء

سید احمد خان صاحب کے سی ایس آئی کے خیالات کے رد میں

جس کو

مجدد زمان و مسیح دوران مرزا غلام احمد صاحب

نے بغرض عام فائدہ تالیف کیا

•

مطبع ریاض ہند قادیان میں باہتمام شیخ نور احمد صاحب نے

طبع کرا کر

ماہ رمضان المبارک ۱۳۱۰ھ ۔ مطابق ۲ اپریل ۱۸۹۳ء

شائع کیا۔

www.aaiil.org

برکات الدعاء

★

حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی
مجدد صد چہاردہم، مسیح موعود و مہدی معہود

احمدیہ انجمن اشاعتِ اسلام، لاہور-۷ (مغربی پاکستان)

بار سوم　　دسمبر ۱۹۶۰ء　　تعداد ۱۰۰۰

www.aaiil.org

قارئین کی خدمت میں

احباب کو یاد ہوگا کہ محترم ڈاکٹر غلام محمد صاحب مرحوم نے حضرت مسیح موعودؑ کی کتب کے لئے ایک گرانقدر عطیہ انجمن کو دیا تھا۔ اس عطیہ میں سے اب تک ذیل کی کتب کی طباعت کا اہتمام ہو چکا ہے۔ تریاق القلوب کے علاوہ بقیہ کتب جلسہ سالانہ ۱۹۶۰ء پر احباب خرید سکیں گے۔ تریاق القلوب انشاء اللہ مارچ ۱۹۶۱ء میں چھپ کر تیار ہو جائے گی۔

۱۔ فتح اسلام (بلاکس میں)
۲۔ الوصیت مع حواشی (〃)
۳۔ اسلامی اصول کی فلاسفی (〃)
۴۔ برکات الدعاء (بلاکس میں)
۵۔ نجم الہدیٰ اردو حصہ (〃)
۶۔ نجم الہدیٰ انگریزی ترجمہ
۷۔ انگریزی ترجمہ متن براہین احمدیہ ہر چہار حصص
۸۔ تریاق القلوب (بلتوی میں)

ان کتب کو اصل ایڈیشن کے مطابق چھاپا گیا ہے۔ اور تصحیح کرتے وقت طبع اوّل کی عبارت کو فوقیت دی گئی ہے۔ چونکہ طبع اوّل میں فہرست مضامین درج نہ تھی اس لئے اس ایڈیشن میں سرخیاں درج نہیں کی گئیں بلکہ جہاں پر سرخیاں دینا مقصود تھیں وہاں نمبر دے دئے گئے ہیں۔ یہ نمبر فہرست میں درج شدہ نمبروں کے مطابق ہیں۔ اسلئے جب کسی خاص مضمون کو دیکھنا ہو تو فہرست میں درج شدہ نمبر کو کتاب کے حاشیہ میں دئے ہوئے نمبر کے بالمقابل مضمون کو ملاحظہ فرمائیں۔

منیجر۔ دار الکتب اسلامیہ

حاشیہ کے دائیں طرف طبع اول کے صفحات نمبر دئے ہوں اور بائیں طرف فہرست مضامین کے نمبر ہیں۔

فہرست مضامین

۱ - تحریر فی اصول التفسیر پر ایک نظر۔
۲ - قبولیّت دعا کے متعلق سرسیّد کے اعتراضات۔
۳ - سرسیّد کے نزدیک دعا کی حقیقت۔
۴ - سرسیّد کے نزدیک دعا صرف ایک عبادت ہے اور کسی مطلب کے حصول کا ذریعہ نہیں۔
۵ - اگر دواؤں میں تاثیر ہے تو دعاؤں میں بھی ہونی چاہئے۔
۶ - سیّد صاحب دراصل دعاء کی تاثیر پر یقین نہیں رکھتے۔
۷ - بیانِ حقیقت استجابتِ دعاء۔
۸ - ایک سعید بندہ کی دعاء سے عالم سفلی اور علوی میں وہ اسباب پیدا ہوجاتے ہیں جو اس امر کے پورا ہونے کے لئے ضروری ہیں۔
۹ - اعجاز کے بعض اقسام بھی درحقیقت استجابتِ دعاء ہوتی ہیں۔
۱۰ - دعاء تمام چیزوں سے زیادہ عظیم التّاثیر ہے۔
۱۱ - تقدیر نے نہ علوم کو بے حرمت کیا نہ اسباب کو بے اعتبار۔
۱۲ - اگر سیّد صاحب دعاؤں کے اثر کا ثبوت طلب کریں تو مَیں یہ بھی دکھلانے کو طیّار ہوں — بشرطیکہ وہ میرے دعویٰ کے ثابت ہوجانے پر اپنی غلطی سے رجوع کریں۔
۱۳ - آیت اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ کی تفسیر۔
۱۴ - دعاء کرنے میں صرف تضرع درکار نہیں بلکہ دیگر شرائط بھی بکار ہیں۔

۱۵۔ جبکہ سرسید کے نزدیک آخرت کی سعادت دعاؤں کا نتیجہ ہے تو بلاشبہ ان کو ماننا پڑیگا کہ
دعاء اپنے اندر کچھ اثر رکھتی ہے۔
۱۶۔ سرسید کے دوسرے رسالہ تحریر فی اصول التفسیر پر تنقید۔
۱۷۔ استجابتِ دعاء کے متعلق شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا تجربہ۔
۱۸۔ سرسید نے مقدرِ حقیقی کی حکومت کو تمام چیزوں کے سر پر اٹھا دیا ہے۔
۱۹۔ تفسیر قرآن کا معیارِ اوّل شواہد قرآنی۔
۲۰۔ دوسرا معیار رسول اللہ صلعم کی تفسیر۔
۲۱۔ تیسرا معیار صحابہ کی تفسیر۔
۲۲۔ چوتھا معیار خود قرآن کریم میں غور کرنا۔
۲۳۔ مفسّر صرف صاحبِ حال ہو۔
۲۴۔ پانچواں معیار لغتِ عرب۔
۲۵۔ چھٹا معیار سلسلۂ جسمانی
۲۶۔ ساتواں معیار وحی ولایت اور مکاشفات۔
۲۷۔ اس اعتراض کا جواب کہ وحی صرف ملکہ فطرت ہے۔
۲۸۔ صاحب وحی محدثیت اپنے نبی متبوع کا پورا ہمرنگ ہوتا ہے۔
۲۹۔ قرآن نے ہمیشہ وحی کی بارش سے مثال دی ہے۔
۳۰۔ مکالمہ الٰہیہ کی کیفیت۔
۳۱۔ اسلام زندہ مذہب ہے۔ کیونکہ اس میں انبیاء کے وارث ہمیشہ پیدا ہوتے رہتے ہیں۔
۳۲۔ فارسی نظم نیچریت کی تردید میں۔

۳۳ - اس صدی میں مَیں انبیاء کا وارث ہوں۔
۳۴ - سیّد صاحب کی تفسیر ان معیاروں سے خالی ہے۔
۳۵ - سرسیّد کا یہ اعتقاد کہ وحی نبوّت صرف ملکۂ فطرت ہے قانونِ قدرت کے بھی خلاف ہے۔
۳۶ - وحی کی مثال تار برقی سے مشابہ ہے۔
۳۷ - میرے پر وحی ولایت نازل ہوتی ہے۔
۳۸ - نظام باطنی کا بھی نظام ظاہری پر قیاس کرنا چاہئے۔
۳۹ - ملائکہ کی مبسوط بحث آئینہ کمالاتِ اسلام میں ہے۔
۴۰ - تبدیلِ صور نوعیہ اشیاء پر ایک اعتراض اور اس کا جواب۔
۴۱ - تمام اشیاء میں استحالات کا مادہ موجود ہے۔
۴۲ - تین برس تک انسان کا جسم بدل جاتا ہے۔
۴۳ - اولیاء کے خوارق کبھی یہ کرشمۂ قدرت دکھلاتے ہیں کہ وہ توجہ عالم میں تصرف کرتے ہیں۔
۴۴ - یہ بات بیہودہ ہے کہ اللہ تعالےٰ فلاں بات پر قادر ہے مگر کرنا نہیں چاہتا۔
۴۵ - انسان کامل خدا تعالےٰ کی روح کا جلوہ گاہ ہوتا ہے۔
۴۶ - اللہ تعالےٰ نے قرآن کریم میں اگر کبھی کسی چیز کی خاص حالت کا ذکر کیا ہے تو یہ حالات موجودہ کے اظہار کے لئے ہے۔
۴۷ - سرسیّد کو چاہئے کہ چند ماہ اس عاجز کی صحبت میں رہیں۔
۴۸ - امراء اور ارباب حکومت کے نام ایک خط۔
۴۹ - اگر کوئی صاحب دین کی مدد کا وعدہ کر کے مجھے اپنی کسی مشکل کے حل کیلئے لکھیں تو مَیں ان کیلئے دعا کرونگا۔
۵۰ - اسلام کی حالت پر فارسی میں مرثیہ۔

برکاتُ الدُّعاء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

سید احمد خان صاحب، کے ۔ سی ۔ ایس ۔ آئی ۔ کے رسالہ الدعاء والاستجابۃ اور رسالہ تحریر فی اصول التفسیر پر ایک نظر

●

اے اسیرِ عقلِ خود بر ہستیٔ خود کم بناز
کیں سپہر بوالعجائب چوں تو بسیار آورد

غیر را ہرگز نمی باشد گذر در کوئے حق
ہر کہ آید ز آسماں او راز آں یار آورد

خود بخود فہمیدنِ قرآں گمانِ باطل است
ہر کہ از خود آورد او نجس و مردار آورد

●

سید صاحب اپنے رسالہ مندرجہ عنوان میں دعا کی نسبت اپنا یہ عقیدہ ظاہر کرتے ہیں کہ استجابت دعا کے یہ معنی نہیں ہیں کہ جو کچھ دعا میں مانگا گیا ہے وہ دیا جائے کیونکہ اگر استجابت دعا کے یہی معنی ہوں کہ وہ سوال بہرحال پورا کر دیا جائے تو دو مشکلیں پیش آتی ہیں **اوّل** یہ کہ ہزاروں دعائیں نہایت عاجزی اور اضطراری سے کی جاتی ہیں مگر سوال پورا نہیں ہوتا جس کے یہ معنی ہوتے ہیں کہ دعا قبول نہیں ہوئی حالانکہ خدا نے استجابت دعا کا وعدہ کیا ہے ۔ **دوسری** یہ کہ جو امور ہونے والے ہیں وہ مقدر ہیں اور جو نہیں ہونے والے وہ بھی مقدر ہیں ۔ اُن مقدرات کے برخلاف ہرگز نہیں ہو سکتا ۔ پس اگر استجابت دعا کے معنے سوال کا پورا کرنا قرار دئے جائیں تو خدا کا یہ وعدہ کہ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ

ان سوالات پر جن کا ہونا مقدر نہیں ہے صادق نہیں آسکتا یعنی ان معنوں کے رُو سے یہ عام وعدہ
۲ استجابتِ دعا کا باطل ٹھیرے گا۔ کیونکہ سوالوں کا وہی حصّہ پورا کیا جاتا ہے جس کا پورا کیا جانا مقدّر
ہے۔ لیکن استجابتِ دعا کا وعدہ عام ہے جس میں کوئی بھی استثنا نہیں پھر جس حالت میں بعض
آیتیں ظاہر کر رہی ہیں کہ جن چیزوں کا دیا جانا مقدر نہیں وہ ہرگز دی نہیں جاتیں اور بعض آیتوں سے
یہ ثابت ہوتا ہے کہ کوئی دعا رد نہیں ہوتی۔ اور سب کی سب قبول کی جاتی ہیں اور نہ صرف اسی قدر
بلکہ یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ خدا تعالےٰ نے تمام دعاؤں کے قبول کرنے کا وعدہ کرلیا ہے۔ جیسا کہ آیت
اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ سے ظاہر ہے پھر اس تناقض اور تعارضِ آیات سے بجز اس کے کیونکر مخلصی
حاصل ہو کہ استجابتِ دعا سے عبادت کا قبول کرنا مراد لیا جائے یعنی یہ معنی کئے جائیں کہ دعا ۳
ایک عبادت ہے اور جب وہ دل سے اور خشوع اور خضوع سے کی جائے تو اس کے قبول کرنے
کا خدا تعالےٰ نے وعدہ فرمایا ہے۔ پس استجابتِ دعا کی حقیقت بجز اس کے اور کچھ نہیں کہ وہ دعا
ایک عبادت متصوّر ہو کر اس پر ثواب مترتب ہوتا ہے۔ ہاں اگر مقدّر میں ایک چیز کا ملنا ہے اور اتفاقاً
اس کے لئے دعا بھی کی گئی تو وہ چیز مل جاتی ہے مگر نہ دعا سے بلکہ اُس کا ملنا مقدّر تھا اور دعا میں
بڑا فائدہ یہ ہے کہ جب دعا کرنے کے وقت خدا کی عظمت اور بے انتہا قدرت کا خیال اپنے دل
میں جمایا جاتا ہے تو وہ خیال حرکت میں آکر اُن تمام خیالات پر جن سے اضطرار پیدا ہوا ہے غالب
ہو جاتا ہے اور انسان کو صبر اور استقلال پیدا ہو جاتا ہے اور ایسی کیفیت کا دل میں پیدا ہو جانا لازمہ
عبادت ہے اور یہی دعا کا مستجاب ہونا ہے۔ پھر سید صاحب اپنے رسالہ کے اخیر میں لکھتے ہیں کہ جو
لوگ حقیقتِ دعا سے ناواقف اور جو حکمت اُس میں ہے اُس سے بے خبر ہیں وہ کہہ سکتے ہیں کہ جب
یہ امر مسلّم ہے کہ جو مقدّر نہیں وہ نہیں ہونے کا تو دعا سے کیا فائدہ ہے۔ یعنی جبکہ مقدّر بہرحال مل کر
۳ رہے گا خواہ دعا کرو یا نہ کرو۔ اور جس کا ملنا مقدّر نہیں اُس کے لئے ہزاروں دعائیں کئے جاؤ کچھ

فائدہ نہیں تو پھر دعا کرنا ایک امر عبث ہے۔ اس کے جواب میں سید صاحب فرماتے ہیں کہ اضطرار کے وقت استمداد کی خواہش رکھنا انسان کی فطرت کا خاصہ ہے سو انسان اپنے فطرتی خاصہ سے دعا کرتا ہے بلا خیال اس کے کہ وہ ہوگا یا نہیں اور بمقتضائے اُس کی فطرت کے اُس کو کہا گیا ہے کہ خدا ہی سے مانگو جو مانگو۔

اس تمام تحریر سے جس کو ہم نے بطور خلاصہ اوپر لکھ دیا ہے۔ ثابت ہوا کہ سیّد صاحب کا یہ مذہب ہے کہ دعا ذریعہ حصول مقصود نہیں ہو سکتی اور نہ تحصیل مقاصد کے لئے اُس کا کچھ اثر ہے اور اگر دعا کرنے سے کسی داعی کا فقط یہی مقصد ہو کہ بذریعہ دعا کوئی سوال پورا ہو جائے تو یہ خیال عبث ہے۔ کیونکہ جس امر کا ہونا مقدر ہے اُس کے لئے دعا کی حاجت نہیں اور جس کا ہونا مقدر نہیں ہے اُس کے لئے تضرّع و ابتہال بے فائدہ ہے غرض اس تقریر سے بتمامتر صفائی کھُل گیا کہ سیّد صاحب کا یہی عقیدہ ہے کہ دعا صرف عبادت کے لئے موضوع ہے اور اُس کو کسی دنیوی مطلب کے حصول کا ۴
ذریعہ قرار دینا طمع خام ہے۔

اب واضح ہو کہ سید صاحب کو قرآنی آیات کے سمجھنے میں سخت دھوکا لگا ہوا ہے مگر ہم انشاء اللہ تعالےٰ اس دھوکہ کی کیفیت کو اس مضمون کے اخیر میں بیان کریں گے اس وقت ہم نہایت افسوس سے ظاہر کرتے ہیں کہ اگر سیّد صاحب قرآن کریم کے سمجھنے میں فہم رسا نہیں رکھتے تھے تو کیا وہ قانونِ قدرت بھی جس کی پیروی کا وہ دم مارتے ہیں اور جس کو وہ خدا تعالےٰ کی فعلی ہدایت اور قرآن کریم کے اسرار غامضہ کا مفسر قرار دیتے ہیں اس مضمون کے لکھنے کے وقت اُن کی نظر سے غائب تھا۔ کیا سید صاحب کو معلوم نہیں کہ اگرچہ دنیا کی کوئی خیر و شر مقدر سے خالی نہیں تاہم قدرت نے اُس کے حصول کے لئے ایسے اسباب مقرر کر رکھے ہیں جن کے صحیح اور سچے اثر میں کسی عقلمند کو کلام نہیں۔ ۴
مثلاً اگرچہ مقدّر پر لحاظ کر کے دوا کا کرنا نہ کرنا درحقیقت ایسا ہی ہے جیسا کہ دعا یا ترک دعا مگر کیا

سیّد صاحب یہ رائے ظاہر کر سکتے ہیں کہ مثلاً علم طب سراسر باطل ہے اور حکیم حقیقی نے دواؤں میں کچھ بھی اثر نہیں رکھا۔ پھر اگر سیّد صاحب باوجود ایمان بالتقدیر کی اس بات کے بھی قائل ہیں کہ ۵
دوائیں بھی اثر سے خالی نہیں تو پھر کیوں خدا تعالےٰ کے یکساں اور متشابہ قانون میں فتنہ اور تفریق ڈالتے ہیں کیا سیّد صاحب کا یہ مذہب ہے کہ خدا تعالےٰ اس بات پر تو قادر تھا کہ تربدؔ اور سقمونیاؔ اور سناؔ اور حبّ الملوک میں تو ایسا قوی اثر رکھے کہ اُن کی پوری خوراک کھانے کے ساتھ ہی دست چھوٹ جائیں یا مثلاً سمّ الفار اور بیش اور دوسری ہلاہل زہروں میں وہ غضب کی تاثیر ڈال دی کہ اُن کا کامل قدر شربت چند منٹوں میں ہی اس جہان سے رخصت کر دے لیکن اپنے برگزیدوں کی توجہ اور عقد ہمّت اور تضرع کی بھری ہوئی دعاؤں کو فقط مردہ کی طرح رہنے دے جن میں ایک ذرہ بھی اثر نہ ہو۔ کیا یہ ممکن ہے کہ نظام الٰہی میں اختلاف ہو اور وہ ارادہ جو خدا تعالےٰ نے دواؤں میں اپنے بندوں کی بھلائی کے لئے کیا تھا وہ دعاؤں میں مرعی نہ ہو۔ نہیں نہیں ہرگز نہیں بلکہ خود سیّد صاحب دعاؤں کی حقیقی فلاسفی سے بے خبر ہیں اور ان کی اعلیٰ تاثیروں پر ذاتی تجربہ نہیں رکھتے اور ان کی ایسی مثال ہے جیسے کوئی ایک مدت تک ایک پرانی اور سال خوردہ اور مسلوب القویٰ دوا کو استعمال کرے اور پھر اُس کو بے اثر پاکر اُس دوا پر عام حکم لگا دے کہ اس میں کچھ بھی تاثیر نہیں۔

افسوس صد افسوس کہ سیّد صاحب باوجودیکہ پیرانہ سالی تک پہنچ گئے مگر اب تک اُن پر یہ سلسلۂ نظام قدرت مخفی رہا کیونکر قضا و قدر کو اسباب سے وابستہ کر دیا گیا ہے اور کس قدر یہ سلسلہ اسباب
اور مسببات کا باہم گہرے اور لازمی تعلقات رکھتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ اس دھوکہ میں پھنس گئے کہ ۵
انہوں نے خیال کر لیا کہ گویا بغیر ان اسباب کے جو قدرت نے روحانی اور جسمانی طور پر مقرر کر رکھے ہیں کوئی چیز ظہور پذیر ہو سکتی ہے۔ یوں تو دنیا میں کوئی چیز بھی مقدّر سے خالی نہیں مثلاً جو انسان آگ اور پانی اور ہوا اور مٹی اور اناج اور نباتات اور حیوانات و جمادات وغیرہ سے فائدہ اٹھاتا ہے تو وہ سب

مقدرات ہی ہیں لیکن اگر کوئی نادان ایسا خیال کرے کہ بغیر اُن تمام اسباب کے جو خدا تعالیٰ نے مقرر کر رکھے ہیں اور بغیر ان راہوں کے جو قدرت نے معین کر دی ہیں ایک چیز بغیر توسط جسمانی یا روحانی وسائل کے حاصل ہو سکتی ہے تو ایسا شخص گویا خدا تعالیٰ کی حکمت کو باطل کرنا چاہتا ہے۔ میں نہیں دیکھتا کہ سید صاحب کی تقریر کا بجز اس کے کچھ اور بھی ماحصل ہے کہ وہ دعا کو منجملہ اُن اسباب مؤثرہ کے نہیں سمجھتے جن کو انہوں نے بڑی مضبوطی سے تسلیم کیا ہوا ہے بلکہ اس راہ میں حد سے زیادہ ٦
آگے قدم رکھ دیا ہے مثلاً اگر سید صاحب کے پاس آگ کی تاثیر کا ذکر کیا جائے تو وہ ہرگز اس سے منکر نہیں ہوں گے اور ہرگز یہ نہیں کہیں گے کہ اگر کسی کا جلنا مقدر ہے تو بغیر آگ کے بھی جل رہیگا۔

تو پھر میں حیران ہوں کہ وہ باوجود مسلمان ہونے کے دعا کی تاثیروں سے جو آگ کی طرح کبھی اندھیرے کو روشن کر دیتی ہیں اور کبھی گستاخ دست انداز کا ہاتھ جلا دیتی ہیں کیوں منکر ہیں کیا اُن کو دعاؤں کے وقت تقدیر یاد آجاتی ہے اور جب آگ وغیرہ کا ذکر کریں تو پھر تقدیر بھول جاتی ہے کیا ان دونوں چیزوں پر ایک ہی تقدیر حاوی نہیں ہے پھر جس حالت میں باوجود تقدیر ماننے کے وہ اسباب مؤثرہ کو اس شدت سے مانتے ہیں کہ اس کے غلو میں وہ بدنام بھی ہو گئے ہیں تو پھر اس کا کیا موجب ۶
ہے کہ وہ نظامِ قدرت جس کو وہ تسلیم کر چکے ہیں دعا میں اُن کو یاد نہیں رہا۔ یہاں تک کہ مکھی میں تو کچھ تاثیر ہے مگر دعا میں اتنی بھی نہیں۔ پس اصل حقیقت یہ ہے کہ وہ اس کوچہ سے بے خبر ہیں اور نہ ذاتی تجربہ اور نہ تجربہ والوں کی ان کو صحبت ہے۔

اب ہم فائدہ عام کے لئے کچھ استجابتِ دعا کی حقیقت ظاہر کرتے ہیں سو واضح ہو کہ استجابت ٧
دعا کا مسئلہ درحقیقت دعا کے مسئلہ کی ایک فرع ہے اور یہ قاعدہ کی بات ہے کہ جس شخص نے اصل کو سمجھا ہوا نہیں ہوتا اُس کو فرع کے سمجھنے میں پیچیدگیاں واقع ہوتی ہیں اور دھوکے لگتے ہیں۔ پس یہی سبب سید صاحب کی غلط فہمی کا ہے۔ اور دعا کی ماہیت یہ ہے کہ ایک سعید بندہ اور اس کے

رب میں ایک تعلق مجاذبہ ہے یعنی پہلے خدا تعالیٰ کی رحمانیت بندہ کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ پھر بندہ کے صدق کی کششوں سے خدا تعالیٰ اس سے نزدیک ہو جاتا ہے اور دعا کی حالت میں وہ تعلق ایک خاص مقام پر پہنچ کر اپنے خواص عجیبہ پیدا کرتا ہے سو جس وقت بندہ کسی سخت مشکل میں مبتلا ہو کر خدا تعالیٰ کی طرف کامل یقین اور کامل امید اور کامل محبت اور کامل وفاداری اور کامل ہمت کے ساتھ جھکتا ہے اور نہایت درجہ کا بیدار ہو کر غفلت کے پردوں کو چیرتا ہوا فنا کے میدانوں میں آگے سے آگے نکل جاتا ہے پھر آگے کیا دیکھتا ہے کہ بارگاہِ الوہیت ہے اور اُس کے ساتھ کوئی شریک نہیں تب اُس کی روح اُس آستانہ پر سر رکھ دیتی ہے اور قوت جذب جو اُس کے اندر رکھی گئی ہے وہ خدا تعالیٰ کی عنایات کو اپنی طرف کھینچتی ہے تب اللہ جلّ شانہٗ اُس کام کو پورا کرنے کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اُس دعا کا اثر اُن تمام مبادی اسباب پر ڈالتا ہے جن سے ایسے اسباب پیدا ہوتے ہیں جو اُس مطلب کے حاصل ہونے کے لئے ضروری ہیں۔ مثلاً اگر
بارش کے لئے دعا ہے تو بعد استجابت دعا کے وہ اسباب طبعیہ جو بارش کے لئے ضروری ہوتے ۷
ہیں اُس دعا کے اثر سے پیدا کئے جاتے ہیں۔ اور اگر قحط کے لئے بددعا ہے تو قادر مطلق مخالفانہ اسباب کو پیدا کر دیتا ہے۔ اسی وجہ سے یہ بات ارباب کشف اور کمال کے نزدیک بڑے بڑے تجارب سے ثابت ہو چکی ہے کہ **کامل کی دعا** میں ایک قوت تکوین پیدا ہو جاتی ہے یعنی باذنہٖ تعالیٰ وہ دعا عالم سفلی اور علوی میں تصرف کرتی ہے۔ اور عناصر اور اجرام فلکی اور انسانوں کے دلوں کو اُس طرف لے آتی ہے جو طرف مؤید مطلوب ہے۔ خدا تعالیٰ کی پاک کتابوں میں اس کی نظیریں کچھ کم نہیں ہیں۔ بلکہ اعجاز کے بعض اقسام کی حقیقت بھی دراصل **استجابت** دعا ہی ہے۔ کہ جس قدر ہزاروں معجزات انبیاءؑ سے ظہور میں آئے ہیں یا جو کچھ کہ اولیائے کرام اِن دنوں تک عجائب کرامات دکھلاتے رہے اُس کا اصل اور منبع یہی دعا ہے۔ اور اکثر دعاؤں کے اثر سے ہی

طرح طرح کے خوارق قدرتِ قادر کا تماشا دکھلا رہے ہیں وہ جو عرب کے بیابانی ملک میں ایک عجیب ماجرا گذرا کہ لاکھوں مُردے تھوڑے دنوں میں زندہ ہوگئے اور پشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے! اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے اور گونگوں کی زبان پر الٰہی معارف جاری ہوئے۔ اور دنیا میں یکدفعہ ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اُس سے کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا۔ کچھ جانتے ہو کہ وہ کیا تھا؟ وہ ایک **فنا فی اللہ** کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں جنھوں نے دنیا میں **شور مچا دیا** اور وہ عجائب باتیں دکھلائیں کہ جو اُس اُمّی بیکس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ بِعَدَدِ ھَمِّہٖ وَغَمِّہٖ وَحُزْنِہٖ لِھٰذِہِ الْاُمَّۃِ وَاَنْزِلْ عَلَیْہِ اَنْوَارَ رَحْمَتِکَ اِلَی الْاَبَدِ۔

8 اور میں اپنے **ذاتی تجربہ** سے بھی دیکھ رہا ہوں کہ دعاؤں کی تاثیر آب و آتش کی تاثیر سے بڑھ کر ہے۔ بلکہ **اسباب طبعیہ** کے سلسلہ میں کوئی چیز ایسی **عظیم التاثیر** نہیں جیسی کہ دعا ہے۔ اور اگر یہ شبہ ہو کہ بعض دعائیں خطا جاتی ہیں اور ان کا کچھ اثر معلوم نہیں ہوتا تو میں کہتا ہوں کہ یہی حال دواؤں کا بھی ہے۔ کیا دواؤں نے موت کا دروازہ بند کر دیا ہے؟ یا اُن کا خطا جانا غیر ممکن ہے؟ مگر کیا باوجود اس بات کے کوئی اُن کی تاثیر سے انکار کر سکتا ہے؟ یہ سچ ہے کہ ہر ایک امر پر تقدیر محیط ہو رہی ہے۔ مگر تقدیر نے علوم کو ضائع اور بے حرمت نہیں کیا۔ اور نہ اسباب کو بے اعتبار کر کے دکھلایا بلکہ اگر غور کر کے دیکھو تو یہ جسمانی اور روحانی اسباب بھی تقدیر سے باہر نہیں ہیں۔ مثلاً اگر ایک بیمار کی تقدیر نیک ہو تو اسباب علاج پورے طور پر میسر آجاتے ہیں۔ اور جسم کی حالت بھی ایسے درجہ پر ہوتی ہے کہ وہ اُن سے نفع اٹھانے کے لئے مستعد ہوتا ہے تب دوا نشانہ کی طرح جا کر اثر کرتی ہے۔ یہی قاعدہ دعا کا بھی ہے یعنی دعا کے لئے بھی تمام اسباب و شرائط قبولیت اسی جگہ جمع ہوتے ہیں جہاں ارادہ الٰہی اُس کے قبول کرنے کا ہے۔ خدا تعالیٰ نے اپنے نظام جسمانی اور روحانی کو ایک ہی سلسلہ مؤثرات اور متاثرات

10

11

میں باندھ رکھا ہے۔ پس سیّد صاحب کی سخت غلطی ہے کہ وہ نظام جسمانی کا تو اقرار کرتے ہیں مگر نظام روحانی سے منکر ہو بیٹھے ہیں!

بالآخر میں یہ کہنا ضروری سمجھتا ہوں کہ اگر سیّد صاحب اپنے اس غلط خیال سے توبہ نہ کریں اور
یہ کہیں کہ دعاؤں کے اثر کا ثبوت کیا ہے تو میں ایسی غلطیوں کے نکالنے کے لئے مامور ہوں میں 9
12 وعدہ کرتا ہوں کہ اپنی بعض دعاؤں کی **قبولیّت** سے پیش از وقت سیّد صاحب کو اطلاع دوں گا اور نہ صرف اطلاع بلکہ چھپوا دوں گا۔ مگر سیّد صاحب ساتھ ہی یہ بھی اقرار کریں کہ وہ بعد ثابت ہو جانے میرے دعوے کے اپنے اس غلط خیال سے رجوع کریں گے۔

سیّد صاحب کا یہ قول ہے کہ گویا قرآن کریم میں خدا تعالےٰ نے تمام دعاؤں کے قبول کرنے کا وعدہ فرمایا ہے حالانکہ تمام دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ یہ اُن کی سخت غلط فہمی ہے اور یہ آیت
13 اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اُن کے مدعا کو کچھ بھی فائدہ نہیں پہنچا سکتی کیونکہ یہ دعا جو آیت اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ میں بطور امر کے بجالانے کے لئے فرمائی گئی ہے اس سے مراد معمولی دعائیں نہیں ہیں بلکہ وہ عبادت ہے جو انسان پر فرض کی گئی ہے۔ کیونکہ امر کا صیغہ یہاں فرضیت پر دلالت کرتا ہے اور ظاہر ہے کہ کل دعائیں فرض میں داخل نہیں ہیں بلکہ بعض جگہ اللہ جلّ شانہٗ نے صابرین کی تعریف کی ہے جو اِنَّا لِلّٰہِ پر ہی کفایت کرتے ہیں اور اس دعا کی فرضیت پر بڑا قرینہ یہ ہے کہ صرف امر پر ہی کفایت نہیں کی گئی بلکہ اس کو عبادت کے لفظ سے یاد کر کے بحالت نافرمانی عذاب جہنم کی وعید اس کے ساتھ لگا دی گئی ہے۔ اور ظاہر ہے کہ دوسری دعاؤں میں یہ وعید نہیں۔ بلکہ بعض اوقات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو دعا مانگنے پر زجر و توبیخ کی گئی ہے چنانچہ اِنِّیْٓ اَعِظُکَ اَنْ تَکُوْنَ مِنَ الْجٰھِلِیْنَ اس پر شاہد ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ اگر ہر دعا عبادت ہوتی تو حضرت نوح علیہ السلام کو لَا تَسْئَلْنِ کا تازیانہ کیوں لگایا جاتا! اور بعض اوقات اولیاء اور انبیاء دعا کرنے کو سُوءِ ادب

سمجھتے رہے ہیں۔ اور صلحاء نے ایسی دعاؤں میں استفتاء قلب پر عمل کیا ہے یعنی اگر مصیبت کے
وقت دل نے دعا کرنے کا فتویٰ دیا تو دعا کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور اگر صبر کرنے کے لئے فتویٰ دیا ۱۰
تو پھر صبر کیا۔ اور دعا سے منہ پھیر لیا۔ ماسوا اس کے اللہ تعالیٰ نے دوسری دعاؤں میں قبول کرنے کا وعدہ نہیں کیا۔ بلکہ صاف فرما دیا ہے کہ چاہوں تو قبول کروں اور چاہوں تو رد کروں جیسا کہ یہ آیت قرآن کی صاف بتلا رہی ہے اور وہ یہ ہے بَلْ اِیَّاہُ تَدْعُوْنَ فَیَکْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَیْہِ اِنْ شَآءَ۔ سورۃ الانعام الجزو نمبر ۷۔ اور اگر ہم تنزلاً مان بھی لیں کہ اس مقام میں لفظ اُدْعُوْ سے عام طور پر دعا ہی مراد ہے تو ہم اس بات کے ماننے سے چارہ نہیں دیکھتے کہ یہاں دعا سے وہ دعا مراد ہے جو بجمیع شرائط ہو۔ اور تمام شرائط کو جمع کر لینا انسان کے اختیار میں نہیں جب تک
توفیق ازلی یاور نہ ہو اور یہ بھی یاد رہے کہ دعا کرنے میں صرف تضرّع کافی نہیں ہے بلکہ تقویٰ اور ۱۴
طہارت اور راست گوئی اور کامل یقین اور کامل محبت اور کامل توجہ اور یہ کہ جو شخص اپنے لئے دعا کرتا ہے یا جس کے لئے دعا کی گئی ہے اُس کی دنیا اور آخرت کے لئے اُس بات کا حاصل ہونا خلاف مصلحت الٰہی بھی نہ ہو۔ کیونکہ بسا اوقات دعا میں اور شرائط تو سب جمع ہو جاتے ہیں مگر جس چیز کو مانگا گیا ہے وہ عند اللہ سائل کے لئے خلاف مصلحت الٰہی ہوتی ہے۔ اور اس کے پورے کرنے میں خیر نہیں ہوتی۔ مثلاً اگر کسی ماں کا پیارا بچہ بہت اِلحاح اور رونے سے یہ چاہے کہ وہ آگ کا ٹکڑا یا سانپ کا بچہ اُس کے ہاتھ میں پکڑا دے۔ یا ایک زہر جو بظاہر خوبصورت معلوم ہوتی ہے اس کو کھلا دے تو یہ سوال اُس بچہ کا ہرگز اُس کی ماں پورا نہیں کرے گی۔ اور اگر پورا کر دیوے اور اتفاقاً بچہ کی جان بچ جاوے لیکن کوئی عضو اس کا بیکار ہو جاوے تو بلوغ کے بعد وہ بچہ اپنی اس
احمق والدہ کا سخت شاکی ہوگا۔ اور بجز اس کے اور بھی کئی شرائط ہیں کہ جب تک وہ تمام جمع نہ ۱۱
ہوں اُس وقت تک دعا کو دعا نہیں کہہ سکتے۔ اور جب تک کسی دعا میں پوری روحانیت داخل نہ ہو۔ اور جس کے لئے دعا کی گئی ہے اور جو دعا کرتا ہے اُن میں استعداد قریبہ پیدا نہ ہو تب تک

توقع اثر دعا امید موہوم ہے۔ اور جب تک ارادہ الٰہی قبولیت دعا کے متعلق نہیں ہوتا تب تک یہ
تمام شرائط جمع نہیں ہوتیں۔ اور ہمتیں پوری توجہ سے قاصر رہتی ہیں۔ سیّد صاحب اس بات کو
بھی مانتے ہیں کہ دار آخرت کی سعادتیں اور نعمتیں اور لذتیں اور راحتیں جن کی نجات سے ۱۵
تعبیر کی گئی ہے ایمان اور ایمانی دعاؤں کا نتیجہ ہیں۔ پھر جبکہ یہ حال ہے تو سیّد صاحب کو ماننا پڑا کہ
بلاشبہ ایک مومن کی دعائیں اپنے اندر اثر رکھتی ہیں اور آفات کے دور ہونے اور مرادات کے حاصل
ہونے کا موجب ہو جاتی ہیں کیونکہ اگر موجب نہیں ہو سکتیں تو پھر کیا وجہ کہ قیامت میں موجب
ہو جائیں گی۔ سوچو اور خوب سوچو کہ اگر درحقیقت دعا ایک بے تاثیر چیز ہے اور دنیا میں کسی آفت
کے دور ہونے کا موجب نہیں ہو سکتی تو کیا وجہ کہ قیامت کو موجب ہو جائیں گی۔ یہ بات تو نہایت
صاف ہے کہ اگر ہماری دعاؤں میں آفات سے بچنے کے لئے درحقیقت کوئی تاثیر ہے تو وہ تاثیر اس
دنیا میں بھی ظاہر ہونی چاہئے تا ہمارا یقین بڑھے اور امید بڑھے اور تا آخرت کی نجات کے لئے ہم
زیادہ سرگرمی سے دعائیں کریں۔ اور اگر درحقیقت دعا کچھ چیز نہیں صرف پیشانی کا نوشتہ پیش آنا
ہے تو جیسا دنیا کی آفات کے لئے بقول سیّد صاحب دعا عبث ہے اسی طرح آخرت کے لئے بھی
عبث ہوگی اور اس پر امید رکھنا طمع خام۔ اب میں اس بارہ میں اس سے زیادہ لکھنا نہیں چاہتا
کیونکہ ناظرین باانصاف میرے اس بیان کو غور سے پڑھ کر سمجھ سکتے ہیں کہ میں نے سیّد صاحب کی ۱۲
غلط فہمی کا ثبوت کافی دے دیا ہے۔ ماسوا اس کے اگر سیّد صاحب اب بھی اپنی ہٹ دھرمی سے
باز نہ آویں تو ایک دوسرا طریق بھی ان پر حجت پورا کرنے کے لئے لکھا گیا ہے۔ اگر وہ طالب حق ہوں گے
تو اعتراض نہیں کریں گے۔

اور سیّد صاحب کی دوسری کتاب جس کا نام تحریر فی اصول التفسیر ہے۔ ان کی اس ۱۶
کتاب☆ سے بالکل مناقض اور مغائر پڑی ہوئی ہے۔ گویا سیّد صاحب نے کسی مدہوشی کی حالت میں

یہ دونوں رسالے لکھے ہیں۔ کیونکہ سید صاحب استجابتِ دعا کے رسالہ میں تو تقدیر کو مقدم رکھتے ہیں اور اسبابِ عادیہ کو گویا ہیچ خیال کرتے ہیں اور اسی بنا پر استجابت دعا سے انکار کرتے ہیں۔ کیونکہ دعا منجملہ اسباب عادیہ کے ہے جس پر ایک لاکھ سے زیادہ نبی اور کئی کروڑ ولی گواہی دیتا چلا[1]

حاشیہ [1] قطب ربانی و غوث سبحانی سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے جس قدر اپنی کتاب فتوح الغیب میں کامل کی توجہ اور دعا کا اثر اپنے تجارب کے رو سے لکھا ہے۔ ہم عام فائدہ کے لئے وہ عبارتیں معہ ترجمہ ذیل میں لکھتے ہیں۔ اس تحریر سے مطلب یہ ہے کہ ہر ایک فن میں اسی شخص کی شہادت معتبر سمجھی جاتی ہے جو اس ۱۷
فن کا محقق ہوتا ہے۔ پس اس بنا پر استجابت دعا کی فلاسفی اس شخص کو سچے طور پر معلوم ہو سکتی ہے جس کو خداوند تعالیٰ سے سچے تعلقات صدق اور محبت سے حاصل ہوں۔ پس سید احمد خان صاحب سے اس پاک فلاسفی کا دریافت کرنا ایسا ہے جیسے ایک بیطار سے کسی انسان کے مرض کا علاج پوچھنا۔ سید صاحب اگر کسی دنیوی گورنمنٹ کے تعلقات ان کی رعایا کے ساتھ بیان کریں تو بلاشبہ وہ اس بات کے لائق ہیں۔ مگر خداتعالیٰ کی باتیں خدائی لوگ جانتے ہیں اور وہ عبارت یہ ہے۔ فَاجْعَلْ اَنْتَ جُمْلَتَكَ وَاَجْزَاءَكَ اَصْنَامًا مَعَ سَائِرِ الْخَلْقِ وَلَا تُطِعْ شَيْئًا مِنْ ذَالِكَ وَلَا تَتَّبِعْ جُمْلَةً فَتَكُوْنَ كِبْرِيْتًا اَحْمَرَ فَلَا تَكَادُ تُرَى فَحِيْنَئِذٍ تَكُوْنُ وَارِثَ كُلِّ نَبِيٍّ وَرَسُوْلٍ وَبِكَ تُخْتَمُ الْوِلَايَةُ وَتُكْشَفُ
۱۳ الْكُرُوْبُ وَبِكَ تُسْقَى الْغُيُوْثُ وَبِكَ تُنْبَتُ الزُّرُوْعُ وَبِكَ تُدْفَعُ الْبَلَايَا وَالْمِحَنُ عَنِ الْخَاصِ وَالْعَامِ وَاَهْلِ الثُّغُوْرِ وَتُقَلِّبُكَ يَدُ الْقُدْرَةِ وَيَدْعُوْكَ لِسَانُ الْاَزَلِ وَتَنْزِلُ مَنَازِلَ مَنْ سَلَفَ مِنْ اُولِي الْعِلْمِ وَيُرَدُّ عَلَيْكَ التَّكْوِيْنُ وَخَرْقُ الْعَادَاتِ وَتُؤْمَنُ عَلَى الْاَسْرَارِ وَالْعُلُوْمِ اللَّدُنِّيَّةِ وَغَرَائِبِهَا + **ترجمہ** یعنی اگر تو خداتعالیٰ کا مقبول بنا چاہتا ہے تو اس بات پر یقین کر لے اور ایسا سمجھ لے کہ تیرے ہاتھ پاؤں تیری زبان تیری آنکھ اور تیرا سارا وجود اور اس کے تمام اجزا تیری راہ میں بت ہی ہیں۔ اور مخلوق میں سے دوسری تمام چیزیں بھی تیری راہ میں بت ہیں۔ تیرے

آیا ہے۔ اور نبیوں کے ہاتھ میں بجز دعا کے اور کیا تھا۔ اور دوسرے رسالہ میں گویا سید صاحب
تقدیر کو کچھ چیز ہی نہیں سمجھتے کیونکہ تمام اشیاء کو انہوں نے ایک مستقل وجود قرار دے دیا ہے۔ ۱۴

بقیہ حاشیہ بچے تیری بیوی اور ہر ایک دنیا کی مراد جو تو چاہتا ہے اور دنیا کا مال اور دنیا کی عزت اور دنیا کا ننگ و ناموس اور دنیا کا رجاء اور خوف اور زید و بکر پر توکل یا خالد و ولید کی ضرر رسانی کا خوف یہ سب تیری راہ میں بت ہیں تو ان بتوں میں سے کسی کا فرمانبردار مت ہو۔ اور سارا اسی کی پیروی میں غرق نہ ہو جا۔ یعنی صرف بقدر حقوق شرعیہ اور سنن صالحین اس کی رعایت رکھ۔ پس اگر تو نے ایسا کر لیا تو تو کبریت احمر ہو جائے گا اور تیرا مقام نہایت رفیع ہو گا۔ یہاں تک کہ تو نظر نہیں آئے گا۔ اور خدا تعالیٰ تجھے اپنے نبیوں اور رسولوں کا وارث بنا دے گا۔ یعنی اُن کے علوم و معارف اور برکات جو مخفی اور ناپدید ہو گئے تھے وہ از سر نو تجھ کو عطا کئے جائیں گے اور ولایت تیرے پر ختم ہو گی۔ یعنی تیرے بعد کوئی نہیں اٹھے گا جو تجھ سے بڑا ہو۔ اور تیری دعاؤں اور تیری عقد ہمت اور تیری برکت سے لوگوں کے سخت غم دُور کئے جائیں گے۔ اور قحط زدوں کے لئے بارشیں ہوں گی —— اور کھیتیاں اگیں گی۔ اور بلائیں اور محنتیں ہر یک خاص و عام کی، یہاں تک کہ بادشاہوں کی مصیبتیں تیری توجہ اور دعا سے دور ہوں گی۔ اور ید قدرت تیرے ساتھ ہو گا۔ اور جس طرف وہ پھرے اسی طرف تو پھرے گا اور لسان الازل تجھے اپنی طرف بلائے گی۔ یعنی جو کچھ تیری زبان پر جاری ہو جائے گا وہ خداوند تعالیٰ
کی طرف سے ہو گا۔ اور اس میں برکت رکھی جائے گی اور تو ان تمام راست بازوں کا قائمقام کیا جائے گا ۱۵
جن کو تجھ سے پہلے علم دیا گیا ہے۔ اور تکوین تیرے پر رد کی جائے گی۔ یعنی تیری دعا اور تیری توجہ عالم میں تصرف کرے گی۔ اور پھر اگر تو معدوم کو موجود کرنا یا موجود کو معدوم کرنا چاہے گا تو وہی ہو جائیگا اور ا خارق عادت تجھ سے ظاہر ہوں گے۔ اور تجھ کو اسرار اور علوم لدنیہ اور معارف غریبہ عطا ہوں گے۔ جن کے لئے تو امین اور مستحق سمجھا جائے گا۔ منہ

کہ گویا وہ تمام چیزیں خدا تعالےٰ کے ہاتھ سے نکل گئی ہیں۔ اب اس کو ان کی تبدیل اور تغیر پر کچھ بھی اختیار نہیں اور گویا اس کی خدائی فقط ایک تنگ دائرہ میں محدود ہے اور اس کے قادرانہ تصرّفات آگے نہیں بلکہ پیچھے رہ گئے ہیں اور جو اشیاء پر حالت وارد ہے وہ اس کی تقدیر نہیں بلکہ اب وہ مخلوقات کی ایک ذاتی خاصیّت ہے۔ جو قابل تغیر و تبدیل نہیں کیونکہ تقدیر کے مفہوم کو اختیار مقدر لازم پڑا ہوا ہے۔ پس ظاہر ہے کہ جن خواص پر خدا تعالےٰ کا کچھ بھی اختیار باقی نہیں رہا تو پھر ان خواص کو اس کی تقدیر کیونکر کہنا چاہیئے اور اگر اختیار ہے

۱۸ تو پھر امکان تبدیل باقی ہے۔ غرض سیّد صاحب نے اس دوسرے رسالہ میں مقدر حقیقی کی حکومت
تمام چیزوں کے سر پر سے ایسی اٹھا دی ہے کہ وہ اپنے خواص میں (بقول سیّد صاحب) تابع مرضی مالک نہیں ہیں بلکہ ایکٹ مزارعان کی پانچویں دفعہ کے موروثیوں کے لئے جو حقوق انگریزوں
۱۴ نے قائم کئے ہیں یعنی یہ کہ مالک کو کسی قسم کے تصرّف کا اُن پر اختیار نہیں ہوگا۔ اسی قسم کی موروثی سیّد صاحب نے بھی تمام چیزوں آگ وغیرہ کو ٹھیرا دیا ہے۔ بلکہ سیّد صاحب کے قانون میں انگریزوں کے قانون سے زیادہ تشدّد ہے کیونکہ انگریزوں نے پانچویں دفعہ کے موروثی کے اخراج کے لئے ایک صورت قائم بھی کر دی ہے اور وہ یہ کہ جب موروثی ایک سال تک لگان واجب کا ایک حصّہ خواہ دو آنے بھی ہوں ادا نہ کرے تو خارج ہو سکتا ہے مگر سیّد صاحب نے تو ہر حال میں حقوق مالک کو تلف کر دیا۔ اور یہ ظلم عظیم ہے۔

اور سیّد صاحب نے جو اپنے دوست حریف سے تفسیر قرآن کریم کا **معیار** مانگا ہے۔ سو میں نے مناسب سمجھا کہ اس جگہ بھی سیّد صاحب کی کسی قدر میں ہی خدمت کر دوں کیونکہ بھولے کو راہ
۱۹ بتا نا سب سے پہلے میرا فرض ہے۔ سو جاننا چاہیئے کہ سب سے **اوّل معیار** تفسیر صحیح کا شواہد قرآنی ہیں۔ یہ بات نہایت توجہ سے یاد رکھنی چاہیئے کہ قرآن کریم اور معمولی کتابوں کی طرح نہیں جو اپنی

صداقتوں کے ثبوت یا انکشاف کے لئے دوسرے کا محتاج ہو۔ وہ ایک ایسی متناسب عمارت کی طرح ہے جس کی ایک اینٹ ہلانے سے تمام عمارت کی شکل بگڑ جاتی ہے۔ اس کی کوئی صداقت ایسی نہیں ہے جو کم سے کم دس یا بیس شاہد اس کے خود اسی میں موجود نہ ہوں۔ سو اگر ہم قرآن کریم کی ایک آیت کے ایک معنی کریں تو ہمیں دیکھنا چاہئے کہ ان معنوں کی تصدیق کے لئے دوسرے شواہد قرآن کریم سے ملتے ہیں یا نہیں۔ اگر دوسرے شواہد دستیاب نہ ہوں بلکہ ان معنوں کی دوسری آیتوں سے صریح معارض پائے جاویں تو ہمیں سمجھنا چاہیئے کہ وہ معنے بالکل باطل ہیں۔ کیونکہ ممکن نہیں کہ قرآن کریم میں اختلاف ہو۔ اور سچے معنوں کی یہی نشانی ہے کہ قرآن کریم میں سے ایک لشکر شواہد بیّنہ کا اس کا مصدّق ہو۔

دوسرا معیار۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی تفسیر ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ سب ۲۰
سے زیادہ قرآن کریم کے معنے سمجھنے والے ہمارے پیارے اور بزرگ نبی حضرت رسول اللہ صلی اللہ ۱۶
علیہ وسلّم تھے۔ پس اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی تفسیر ثابت ہو جائے تو مسلمان کا فرض ہے کہ بلا توقف اور بلا دغدغہ قبول کرے۔ نہیں تو اس میں الحاد اور فلسفیت کی رگ ہوگی۔

تیسرا معیار۔ صحابہ کی تفسیر ہے اس میں کچھ شک نہیں کہ صحابہ رضی اللہ عنہم آنحضرت کے ۲۱
نوروں کو حاصل کرنے والے اور علم نبوّت کے پہلے وارث تھے اور خداوند تعالےٰ کا ان پر بڑا فضل تھا اور نصرت الٰہی ان کی قوّت مدرکہ کے ساتھ تھی۔ کیونکہ ان کا نہ صرف قال بلکہ حال تھا۔

چوتھا معیار۔ خود اپنا نفس مطہّر لے کر قرآن کریم میں غور کرنا ہے۔ کیونکہ نفس مطہرہ سے ۲۲
قرآن کریم کو مناسبت ہے۔ اللہ جل شانہ فرماتا ہے لَا یَمَسُّہٗ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ یعنی قرآن کریم کے حقائق صرف اُن پر کھلتے ہیں جو پاک دل ہوں۔ کیونکہ مطہر القلب انسان پر قرآن کریم کے پاک معارف بوجہ مناسبت کھل جاتے ہیں۔ اور وہ ان کو شناخت کر لیتا ہے اور سونگھ لیتا ہے اور اس کا دل بول

اُٹھتا ہے کہ ہاں یہی راہ سچی ہے۔ اور اس کا نور قلب سچائی کی پرکھ کے لئے ایک عمدہ معیار ہوتا
ہے۔ پس جب تک انسان صاحب حال نہ ہو اور اس تنگ راہ سے گذرنے والا نہ ہو جس میں ۲۳
سے انبیاء علیہم السلام گذرے ہیں تب تک مناسب ہے کہ گستاخی اور تکبر کی جہت سے
مفسر القرآن نہ بن بیٹھے ورنہ وہ تفسیر بالرائے ہوگی جس سے نبی علیہ السلام نے منع فرمایا ہے۔
اور کہا ہے کہ من فسر القراٰن برایہ فاصاب فقد اخطاء یعنی جس نے صرف اپنی رائے سے
قرآن شریف کی تفسیر کی اور اپنے خیال میں اچھی کی تب بھی اُس نے بُری تفسیر کی۔

پانچواں معیار لغت عرب بھی ہے لیکن قرآن کریم نے اپنے وسائل آپ اس قدر ۲۴
قائم کر دئیے ہیں کہ چنداں لغات عرب کی تفتیش کی حاجت نہیں ہاں موجب زیادہ بصیرت بیشک
ہے بلکہ بعض اوقات قرآن کریم کے اسرار مخفیہ کی طرف لغت کھودنے سے توجہ پیدا ہو جاتی ہے
۱۷ اور ایک بھید کی بات نکل آتی ہے۔

چھٹا معیار۔ روحانی سلسلہ کے سمجھنے کے لئے سلسلہ جسمانی ہے۔ کیونکہ خداوند تعالیٰ ۲۵
کے دونوں سلسلوں میں بکلی تطابق ہے۔

ساتواں معیار۔ وحی ولایت اور مکاشفات محدثین ہیں [۱] ۲۶

حاشیہ [۱] سید صاحب نے اپنی کسی کتاب میں وحی کو معیار صداقت نہیں ٹھہرایا اور نہ ٹھہرانا چاہتے ہیں۔ اس کی وجہ
یہ معلوم ہوتی ہے کہ وہ وحی کو خواہ وہ وحی نبوت ہو یا وحی ولایت نظر عزت سے نہیں دیکھتے بلکہ اس کو صرف
ملکہ فطرت خیال کرتے ہیں۔ سو ان کی اس رائے کی نسبت بھی اس جگہ کسی قدر بیان کرنا قرین مصلحت ہے سو ۲۵
واضح ہو کہ سید صاحب کی یہ بڑی غلط اور سخت فتنہ انداز اور حق سے دور ڈالنے والی رائے ہے کہ وحی اللہ
کو صرف ملکہ فطرت خیال کرتے ہیں۔ یہ بات ظاہر ہے کہ انسان کی فطرت میں کئی قسم کے ملکات ہوتے ہیں اور تمام
ملکات اس قسم کے ہیں کہ ایک کی طرز اور وضع دوسرے کی طرز اور وضع پر شاہد ہے۔ مثلاً بعض کی فطرت علم حساب

اور یہ معیار گویا تمام معیاروں پر حاوی ہے کیونکہ صاحب وحی محدثیت اپنے نبی متبوع کا پورا ہمرنگ ہوتا ہے اور بغیر نبوّت اور تجدید احکام کے وہ سب باتیں اُسکو دیجاتی ہیں جو نبی کو دی جاتی ہیں۔اور ۲۸

بقیہ حاشیہ اور ہندسہ سے ایک مناسبت رکھتی ہے۔اور بعض کی علم طب سے اور بعض کی علم منطق اور کلام سے لیکن خود بخود یہ استعداد مخفیہ کسی کو محاسب اور مہندس یا طبیب یا منطقی نہیں بنا سکتی بلکہ ایسا شخص تعلیم اُستاد کا محتاج ہوتا ہے اور پھر دانا استاد جب اس شخص کی طبیعت کو ایک خاص علم سے مناسبت دیکھتا ہے تو اُسی کے پڑھنے کی اس کو رغبت دیتا ہے۔اسی کے مناسب یہ شعر ہے کہ ؎ ہر کسے را بہر کارے ساختند۔میل طبعش اندراں انداختند۔ اس تعلیم یابی کے بعد وہ ملکہ جو تخم کی طرح چھپا ہوا تھا بھڑک اٹھتا ہے۔اور طرح طرح کی باریکیاں اُس علم کی اُس کو سوجھتی ہیں اور جو کچھ اُس فن کے متعلق نئے نئے امور منجانب اللہ اس کے دل میں پیدا ہوتے ہیں اگر اُن کا الہام اور القا نام رکھیں تو کچھ بعید نہیں ہوتا کیونکہ بلاشبہ وہ تمام عمدہ باتیں جن سے انسانوں کو نفع پہنچتا ہے خدا تعالیٰ کی طرف سے دل میں ڈالی جاتی ہیں جیسا کہ اللہ جل شانہ بھی درحقیقت اسی کی طرف اشارہ فرما کر کہتا ہے۔ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا یعنی بری باتیں اور نیک باتیں جو انسانوں کے دلوں میں پڑتی ہیں وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہی الہام ہوتی ہیں۔اچھا آدمی اپنی اچھی طبیعت کی وجہ سے اس لائق ہوتا ہے کہ اچھی باتیں اس کے دل میں پڑیں اور بُرا آدمی اپنی بُری طبیعت کی وجہ سے اس لائق ٹھہرتا ہے کہ بُرے خیالات اور بداندیشی کی تجویزیں اُس کے دل میں پیدا ہوتی رہیں۔اور درحقیقت نیک انسان اس قسم کے الہامات کے حاصل کرنے کے لئے فطرتاً ایک نیک ملکہ اپنے اندر رکھتا ہے اور بُرا انسان فطرتاً ایک بُرا ملکہ رکھتا ہے چنانچہ اسی ملکہ فطرتی کی وجہ سے بہت سے لوگ اچھی اور بُری تالیفیں اور پاک اور ناپاک ملفوظات اپنی یادگار چھوڑ گئے ہیں مگر سوال یہ ہے کہ کیا انبیاء کی وحی کی بھی یہی حقیقت ہے کہ وہ بھی درحقیقت ایک ملکہ فطرت ہے جو اس قسم کے القائے فیضیاب ہوتا رہتا ہے جس کی تفصیل ابھی بیان ہوئی ہے اگر صرف اتنی ہی بات ہے تو حقیقت معلوم شد کیونکہ انبیاء کی وحی کو صرف ایک ملکہ فطرت قرار دے کر پھر انبیاء اور اسی قسم کے

اس پر یقینی طور پر سچی تعلیم ظاہر کی جاتی ہے اور نہ صرف اس قدر بلکہ اُس پر وہ سب امور بطور انعام و اکرام کے وارد ہو جاتے ہیں جو نبی متبوع پر وارد ہوتے ہیں سو اس کا بیان محض اٹکلیں نہیں

بقیہ حاشیہ دوسرے لوگوں میں مابہ الامتیاز قائم کرنا نہایت مشکل ہے۔ شاید سیّد صاحب اس جگہ یہ فرماویں کہ ہم وحی متلو کے قائل ہیں یعنی قرآن کریم بالفاظہ وحی ہے مگر میں سیّد صاحب کی اس حکمت عملی کو خوب سمجھتا ہوں وہ اُس وحی متلو کے ہرگز قائل نہیں جس کے ہم لوگ قائل ہیں۔ ظاہر ہے کہ یوں تو کوئی القاء الفاظ کے بغیر نہیں ہوتا اور ایسے معانی جو الفاظ سے مجرد ہوں ذہن میں آ ہی نہیں سکتے لیکن پھر خود قرآن اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں بھی ایک فرق ہے اور اُسی فرق کی بناء پر حدیث کے الفاظ کو اُس چشمہ سے نکلا ہوا اقرار نہیں دیتے جس چشمہ سے قرآن کے الفاظ نکلے ہیں۔ گو عام القاء اور الہام کا مفہوم مدنظر رکھ کر حدیث کے الفاظ بھی منجانب اللہ ہیں چنانچہ آیت وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوحٰى۔ اس پر شہادت دے رہی ہے۔ یہ بات تو ہم دوبارہ یاد دلا دیتے ہیں کہ گو کسی قسم کا القاء ہو الفاظ ہمیشہ ساتھ ہوں گے مثلاً ایک شاعر جو ایک مصرعہ کے لئے دوسرا مصرعہ تلاش کر رہا ہے تو جب اس کے ذہن پر منجانب اللہ کوئی القاء ہوگا تو الفاظ کے ساتھ ہی ہوگا۔

اب جبکہ یہ بات پختہ طور پر فیصلہ پا گئی کہ حکماء اور عرفاء اور شعراء کو بھی خدا تعالیٰ کی طرف سے ہی القاء ہوتا ہے اور وہ بھی الہام متلو ہی ہوتا ہے اور ان میں سے راستبازوں کو راستی کا اور بدوں کو بدی کا ایک ملکہ عطا کیا جاتا ہے اور مناسب حال اس ملکہ کے وقتاً فوقتاً ان کو الہام ہوتا رہتا ہے۔ مثلاً جس نے ریل ایجاد کی اس کو بھی القاء ہی ہوا تھا اور جو تار برقی کا موجد گذرا ہے وہ بھی ان معنوں کر کے ملہم ہی تھا۔ تو وہی اعتراض جس کا ذکر ہم کر چکے ہیں سیّد صاحب پر وارد ہوگا اگر سیّد صاحب یہ جواب دیں کہ درحقیقت نفس القاء میں تو انبیاء اور حکماء بلکہ کافر اور مومن برابر ہیں مگر فرق یہ ہے کہ انبیاء کا القاء ہمیشہ صحیح ہوتا ہے تو ایسے جواب میں سیّد صاحب کو اس بات کا قائل ہونا پڑے گا کہ وحی نبوت کفار کے الہام سے کوئی ذاتی امتیاز نہیں

ہوتیں بلکہ وہ دیکھ کر کہتا ہے اور سن کر بولتا ہے اور یہ راہ اس اُمّت کے لئے کھلی ہے ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا کہ وارث حقیقی کوئی نہ رہے اور ایک شخص جو دنیا کا کیڑا اور دنیا کے جاہ و جلال اور

بقیہ حاشیہ رکھتے صرف یہ نازاں امر ہے کہ انبیاء کی وحی غلطی سے پاک ہوتی ہے اور ارسطو اور افلاطون وغیرہ حکماء کی وحی غلطی سے پاک نہیں تھی۔ لیکن یہ دعویٰ بے دلیل ہے بلکہ سراسر تحکم ہے کیونکہ اس صورت میں ہمیں ماننا پڑتا ہے کہ وہ حصہ کثیر حکماء کے مواعظ اور نصائح اور اخلاقی باتوں کا جو غلطیوں سے پاک اور قرآن کے موافق ہے اُس کو بلاشبہ کلام الٰہی سمجھیں اور فرقان حمید کے برابر قرار دے دیں اور اس کی وحی متلو ہونے پر ایمان لاویں اور دوسرا حصہ جس میں غلطی ہو اس کو اسی طرح اجتہادی غلطیوں کی مد میں داخل کر دیں۔ جیسا کہ انبیاء سے بھی کبھی اجتہادی غلطی ہو جاتی ہے۔ اور پھر اس اصول کے لحاظ سے ایسے حکماء بلکہ کفار کو بھی نبی سمجھ لیں۔

اب ظاہر ہے کہ درحقیقت یہ ایسا خیال ہے کہ قریب ہے کہ سید صاحب کا ایمان اُس سے ضائع ہو جائے بلکہ شاید کسی موقع پر نبوت وغیرہ حکماء کی وحی کو قرآن کی وحی سے اعلیٰ سمجھنے لگیں۔ افسوس کہ اگر سید صاحب قرآن کے معنے سمجھنے کے لئے قرآن کو ہی معیار ٹھیراتے تو اس ہلاکت کے گڑھے میں گرنے ۲۹
سے بچ جاتے۔ قرآن نے کسی جگہ اپنی وحی کی یہ مثال پیش نہیں کی کہ وہ اس چشمہ کی مانند ہے کہ جو زمین سے جوش مارتا ہے بلکہ ہر جگہ یہی مثال پیش کی کہ وہ اُس بارش کی مانند ہے کہ جو آسمان سے نازل ہوتی ہے۔

اور اگر سید صاحب لکھنے کے وقت کسی صاحب حال سے پوچھ لیتے کہ وحی اللہ کیا شے ہے اور کیونکر نازل ہوتی ہے تو تب بھی اس لغزش سے بچ جاتے۔ اس ٹھوکر سے سید صاحب نے ایک جماعت کثیرہ مسلمانوں کو تباہ کر دیا اور قریب قریب الحاد اور دہریت کے پہنچا دیا۔ اور وحی نبوت کی عزت کو کھو کر اُس فطرتی ملکہ تک محدود کر دیا جس میں کافر اور بے ایمان بھی شریک ہیں۔

اس وقت میں محض للہ اپنی ذاتی شہادت سید صاحب کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ شاید خدا تعالیٰ

ننگ وناموس میں مبتلا ہے وہی وارث علم نبوت ہو کیونکہ خدا تعالیٰ وعدہ کر چکا ہے کہ بجز
مُطہّرین کے علم نبوت کسی کو نہیں دیا جائے گا بلکہ یہ تو اس پاک علم سے بازی کرنا ہے کہ ہر ایک

بقیہ حاشیہ اُن پر فضل کرے۔ سوائے عزیز سید! مجھے اس اللہ جل شانہٗ کی قسم ہے کہ یہ بات واقعی صحیح ہے کہ وحی آسمان
سے دل پر ایسے گرتی ہے جیسے کہ آفتاب کی شعاع دیوار پر۔ میں ہر روز دیکھتا ہوں کہ جب مکالمہ الٰہیہ کا وقت
آتا ہے تو اول یک دفعہ مجھ پر ایک ربودگی طاری ہوتی ہے۔ تب میں ایک تبدیل یافتہ چیز کی مانند ہو جاتا ۳۰
ہوں۔ اور میری حس اور میرا ادراک اور ہوش گو بگفتن باقی ہوتا ہے مگر اس وقت میں پاتا ہوں کہ گویا ایک
وجود شدید الطاقت نے میرے تمام وجود کو اپنی مٹھی میں لے لیا ہے۔ اور اس وقت احساس کرتا ہوں کہ میری ہستی
کی تمام رگیں اُس کے ہاتھ میں ہیں اور جو کچھ میرا ہے اب وہ میرا نہیں بلکہ اُس کا ہے۔ جب یہ حالت ہو
جاتی ہے تو اس وقت سب سے پہلے خدا تعالیٰ دل کے اُن خیالات کو میری نظر کے سامنے پیش کرتا ہے
جن پر اپنے کلام کی شعاع ڈالنا اُس کو منظور ہوتا ہے تب ایک عجیب کیفیت سے وہ خیالات یکے بعد
دیگرے نظر کے سامنے آتے ہیں اور ایسا ہوتا ہے کہ جب ایک خیال مثلاً زید کی نسبت دل میں آیا کہ وہ
فلاں مرض سے صحت یاب ہوگا یا نہ ہوگا تو جھٹ اُس پر ایک ٹکڑہ کلام الٰہی کا ایک شعاع کی طرح گرتا ہے
اور بسا اوقات اُس کے گرنے کے ساتھ تمام بدن ہل جاتا ہے پھر وہ مقدمہ طے ہو کر دوسرا خیال سامنے
آتا ہے اُدھر وہ خیال نظر کے سامنے کھڑا ہوا اور ادھر ساتھ ہی ایک ٹکڑا الہام کا اس پر گرا جیسا کہ ایک
تیرانداز ہر یک شکار کے نکلنے پر تیر مارتا جاتا ہے۔ اور عین اس وقت میں محسوس ہوتا ہے کہ یہ سلسلہ خیالات
کا ہماری ملکہ فطرت سے پیدا ہوتا ہے اور کلام جو اُس پر گرتا ہے وہ اوپر سے نازل ہوتا ہے اگرچہ شعراء وغیرہ
کو بھی سوچنے کے بعد القاء ہوتا ہے مگر اس وحی کو اُس سے مناسبت دینا سخت بے تمیزی ہے کیونکہ وہ القاء
خوض اور فکر کا ایک نتیجہ ہوتا ہے اور ہوش و حواس کی قائمی اور انسانیت کی حد میں ہونے کی حالت میں ظہور
کرتا ہے لیکن یہ القاء صرف اُس وقت ہوتا ہے کہ جب انسان اپنے تمام وجود کے ساتھ خدا تعالیٰ کے

شخص باوجود اپنی آلودہ حالت کے وارث النبی ہونے کا دعویٰ کرے اور یہ بھی ایک سخت جہالت ہے کہ ان وارثوں کے وجود سے انکار کیا جائے اور یہ اعتقاد رکھا جائے کہ اسرار نبوت کو اب صرف

بقیہ حاشیہ

تصرف میں آجاتا ہے۔ اور اپنا ہوش اور اپنا خوض کسی طور سے اس میں دخل نہیں رکھتا اُس وقت زبان ایسی معلوم ہوتی ہے کہ گویا یہ اپنی زبان نہیں اور ایک دوسری زبردست طاقت اس سے کام لے رہی ہے اور یہ صورت جو میں نے بیان کی ہے اس سے صاف سمجھ میں آجاتا ہے کہ فطرتی سلسلہ کیا چیز ہے اور آسمان سے کیا نازل ہوتا ہے۔ بالآخر میں دعا کرتا ہوں کہ خدا تعالےٰ اس منحوس نیچریت کو مسلمانوں کے دلوں سے ایسا دھو دیوے کہ کوئی داغ اس کا باقی نہ رہے کیونکہ اسلام کی برکتیں جس آنکھ سے دیکھی جاتی ہیں وہ آنکھ تب تک نہیں کھلے گی جب تک کہ یہ دخان آگے سے دُور اور دفع نہیں ہوگا۔

نظم

اے نیچر شوخ ایں چہ ایذا است — از دست تو فتنہ ہر طرف خاست
آں کس کہ رہِ کجت پسندید — دیگر نگزید جانب راست
لیکن چو زغور و فکر بینیم — از ماست مصیبتے کہ بر ماست
متروک شد است درس فرقان — زاں روز ہجوم ایں بلاہاست
نیچر نہ باصل خویش بد بود — دیں گم شد و نور عقل ہا کاست ۳۲
ہر قطرہ نگوں شدند یکبار — رو تافتہ زاں طرف کہ دریاست
بر جنت و حشر و نشر خندند — کیں قصہ بعید از خرد ہاست
چوں ذکر فرشتگاں بیاید — گویند خلاف عقل داناست
اے سید سرگروہِ ایں قوم — ہشدار کہ پائے تو نہ برجاست
پیرانہ سر ایں چہ در سر اُفتاد — رو توبہ کن ایں نہ راہِ تقواست

بطور ایک گذشتہ قصّہ کے تسلیم کرنا چاہیئے۔ جن کا وجود ہماری نظر کے سامنے نہیں ہے اور نہ ہونا
ممکن ہے اور نہ اُن کا کوئی نمونہ موجود ہے۔ بات یوں نہیں ہے کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو اسلام
زندہ مذہب نہ کہلا سکتا بلکہ اور مذہبوں کی طرح یہ بھی مُردہ مذہب ہوتا اور اس صورت ۲۱
۱۸ میں اعتقاد مسئلہ نبوّت بھی صرف ایک قصّہ ہوتا جس کا گذشتہ قرنوں کی طرف حوالہ دیا جاتا۔
مگر خدا تعالیٰ نے ایسا نہیں چاہا کیونکہ وہ خوب جانتا تھا کہ اسلام کے زندہ ہونے کا ثبوت
اور نبوّت کی یقینی حقیقت جو ہمیشہ ہر ایک زمانہ میں منکرین وحی کو ساکت کر سکے اُسی حالت
میں قائم رہ سکتی ہے کہ سلسلہ وحی برنگ محدّثیت ہمیشہ کے لئے جاری رہے سو اُس نے ایسا ہی
کیا۔ **محدّث** وہ لوگ ہیں جو شرف مکالمہ الٰہی سے مشرف ہوتے ہیں اور ان کا جوہر نفس انبیاءؑ کے
جوہر نفس سے اشد مشابہت رکھتا ہے اور وہ خواص عجیبہ نبوّت کے لئے بطور آیات باقیہ کے ہوتے
ہیں تا یہ دقیق مسئلہ نزول وحی کا کسی زمانہ میں بے ثبوت ہو کر صرف بطور قصّہ کے نہ ہو جائے۔ اور یہ
خیال ہرگز درست نہیں کہ انبیاء علیہم السلام دنیا سے بے وارث ہی گذر گئے اور اب ان کی نسبت
کچھ رائے ظاہر کرنا بجز قصّہ خوانی کے اور کچھ زیادہ وقعت نہیں رکھتا بلکہ ہر ایک صدی میں ضرورت
کے وقت ان کے وارث پیدا ہوتے رہے ہیں اور اس صدی میں یہ عاجز ہے۔ خدا تعالیٰ نے ۲۳
مجھ کو اس زمانہ کی اصلاح کے لئے بھیجا ہے تا وہ غلطیاں جو بجز خدا تعالیٰ کی خاص تائید کے نکل نہیں سکتی
تھیں وہ مسلمانوں کے خیالات سے نکالی جائیں اور منکرین کو سچے اور زندہ خدا کا ثبوت دیا جائے

بقیہ حاشیہ

ترسم کہ بدیں قیاس یک روز ۔ گوئی کہ خدا خیال بیجاست
اے خواجہ برو کہ فکر انسان ۔ درکار خدا ز نوع سوداست
آخر ز قیاس ہا چہ خیزد ۔ بنشیں کہ نہ جائے شور و غوغاست
اے بندہ بصیرت از خدا خواہ ۔ اسرار خدا نہ خوان یغماست

منہ

اور اسلام کی عظمت اور حقیقت تازہ نشانوں سے ثابت کی جائے سو یہی ہو رہا ہے۔ قرآن کریم کے معارف ظاہر ہو رہے ہیں۔ لطائف اور دقائق کلام ربانی کھل رہے ہیں نشان آسمانی اور خوارق ظہور میں آرہے ہیں اور اسلام کے حسنوں اور نوروں اور برکتوں کا خدا تعالیٰ نئے سرے سے
19 جلوہ دکھا رہا ہے جس کی آنکھیں دیکھنے کی ہیں دیکھے اور جس میں سچا جوش ہے وہ طلب کرے اور جس میں ایک ذرہ حب اللہ اور رسول کریم کی ہے وہ اٹھے اور آزمائے اور خدا تعالیٰ کی اس پسندیدہ جماعت میں داخل ہووے جس کی بنیادی اینٹ اس نے اپنے پاک ہاتھ سے رکھی ہے اور یہ کہنا کہ اب وحی ولایت کی راہ مسدود ہے اور نشان ظاہر نہیں ہو سکتے اور دعائیں قبول نہیں ہوتیں یہ ہلاکت کی راہ ہے۔ نہ سلامتی کی۔ خدا تعالیٰ کے فضل کو رد مت کرو **اٹھو آزماؤ اور پرکھو** پھر اگر یہ پاؤ کہ معمولی سمجھ اور معمولی عقل اور معمولی باتوں کا انسان ہے تو قبول نہ کرو لیکن اگر کرشمہ قدرت دیکھو اور اسی **ہاتھ کی چمک پاؤ** جو مؤیدان حق اور مکلمان الٰہی میں ظاہر ہوتا رہا ہے تو قبول کر لو اور یقیناً سمجھو کہ خدا تعالیٰ کا اپنے بندوں پر بڑا احسان یہی ہے کہ وہ اسلام کو مُردہ مذہب رکھنا نہیں چاہتا۔ بلکہ ہمیشہ یقین اور معرفت اور الزام خصم کے طریقوں کو کھلا رکھنا چاہتا ہے بھلا تم آپ ہی سوچو کہ اگر کوئی وحی نبوت کا منکر ہو اور یہ کہے کہ ایسا خیال تمہارا سراسر وہم ہے۔ تو اُس کے منہ کو بند کرنے والی بجز اس کے نمونہ دکھلانے کے اور کون سی دلیل ہو سکتی ہے۔ کیا یہ خوشخبری ہے یا بدخبری۔ کہ آسمانی برکتیں صرف چند سال اسلام میں رہیں۔ اور پھر وہ خشک اور مردہ مذہب ہو گیا۔ اور کیا ایک سچے مذہب کے لئے یہی علامتیں ہونی چاہئیں۔!!!
۳۴ غرض صحیح تفسیر کے لئے یہ معیار ہیں۔ اور اس میں کچھ شک نہیں کہ سید صاحب کی تفسیر ان ساتوں معیاروں سے اپنے اکثر مقامات میں محروم و بے نصیب ہے اور اس وقت اس سے تعرّض کرنا ہمارا مقصود نہیں۔ سید صاحب کو قانون قدرت پر بڑا ہی ناز تھا۔ مگر اپنی تفسیر میں وہ قانون قدرت

۲۰ کا لحاظ بھی چھوڑ گئے۔ مثلاً اُن کا یہ اعتقاد کہ وحی نبوت بجز اپنے ہی فطرت کے ملکہ کے اور کچھ ۲۵
چیز نہیں اور اس میں اور خدا تعالےٰ میں ملائکہ کا واسطہ نہیں۔ کس قدر خدا تعالےٰ کے قانون قدرت کے مخالف ہے۔ ہم صریح دیکھتے ہیں کہ ہم اپنے جسمانی قویٰ کی تکمیل کے لئے آسمانی توسط کے محتاج ہیں۔ ہمارے اس بدنی سلسلہ کے قیام اور اغراض مطلوبہ تک پہنچانے کے لئے خدا تعالےٰ نے آفتاب اور ماہتاب اور ستاروں اور عناصر کو ہمارے لئے مسخر کیا ہے۔ اور کئی وسائط کے پیرایہ میں ہو کر اس علتُ العلل کا فیض ہم تک پہنچتا ہے اور بے واسطہ ہرگز نہیں پہنچتا مثلاً اگرچہ ہماری آنکھوں کو تو نور خداوند تعالےٰ ہی سے ملتا ہے کیونکہ وہی تو علتُ العلل ہے مگر وہ آفتاب کے واسطہ سے ہماری آنکھوں تک پہنچتا ہے ہم ایک چیز بھی نظام ظاہری میں ایسی نہیں دیکھتے جس کو خدا تعالےٰ بلا واسطہ آپ ہی اپنا مبارک ہاتھ لمبا کر کے ہمیں دے دے۔ بلکہ ہر ایک چیز وسائط کے ذریعہ سے ہی ملتی ہے۔ پھر ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ ہمارے ظاہری قوےٰ کی خلقت تام نہیں ہے یعنی ایسا نہیں ہے کہ مثلاً مستقل طور پر روشن ہوں اور آپ کے مجوزہ ملکہ وحی کی طرح ایسا ان میں ملکہ موجود ہو جو آفتاب کے واسطہ سے ہم کو مستغنی کر دے۔ پھر اس نظام کے برخلاف بے اصل باتیں آپ کی کیونکر صحیح ٹھہر سکیں۔ ماسوا اس کے ذاتی تجارب کی شہادت جو سب شہادتوں سے بڑھ کر ہے آپ کی اس رائے کی سخت تکذیب کرتی ہے کیونکہ یہ عاجز قریباً گیارہ برس سے شرف مکالمہ الٰہیہ سے مشرف ہے اور اس بات کو بخوبی جانتا ہے۔ کہ
وحی درحقیقت آسمان سے ہی نازل ہوتی ہے۔ وحی کی مثال اگر دنیا کی چیزوں میں سے کسی ۲۶
۲۱ چیز کے ساتھ دی جائے تو شاید کسی قدر تار برقی سے مشابہ ہے جو اپنے ہر یک تغیر کی آپ خبر
دیتی ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ اس وحی کے وقت جو برنگ وحی ولایت میرے پر نازل ہوتی ہے ۲۷
ایک خارجی اور شدید الاثر تصرّف کا احساس ہوتا ہے۔ اور بعض دفعہ یہ تصرّف ایسا قوی ہوتا

ہے کہ مجھ کو اپنے انوار میں ایسا دبا لیتا ہے کہ میں دیکھتا ہوں کہ میں اُس کی طرف ایسا کھینچا گیا
ہوں کہ میری کوئی قوت اُس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ اس تصرّف میں کھلا اور روشن کلام سنتا ہوں
بعض وقت ملائکہ کو دیکھتا ہوں*۔ اور سچائی میں جو اثر اور ہیبت ہوتی ہے مشاہدہ کرتا ہوں۔ اور وہ
کلام بسا اوقات غیب کی باتوں پر مشتمل ہوتا ہے اور ایسا تصرف اور اخذ خارجی ہوتا ہے جس سے
خدا تعالےٰ کا ثبوت ملتا ہے۔ اب اس سے انکار کرنا ایک کھلی کھلی صداقت کا خون کرنا ہے۔ مناسب
ہے کہ سیّد صاحب موت سے پہلے اس صداقت کو آج مان لیں اور آسمانی وحی کی توہین نہ کریں۔

تعجب ہے کہ وہ نظام ظاہری کو تو دیکھتے ہیں اور پھر نظام باطنی کا اس پر قیاس نہیں ۳۸
کرتے۔ نہیں سمجھتے کہ وہ خدا جس نے ہمارے نظام جسمانی کو اس طرح بنایا کہ آسمان سے ظاہری
روشنی ہمارے لئے اترتی ہے اور حقیقی مؤثر آسمانی وسائط کے ذریعہ سے ہمارے جسمانی قویٰ پر اپنا
فیض نازل کرتا ہے اور بغیر واسطۂ علل کے کوئی فیض نازل کرنا اُس کی عادت ہی نہیں۔ تو پھر
کیونکر وہ خدا ہمارے روحانی نظام میں اس سلسلہ وسائط سے بالکل ہم کو منقطع کر دیوے ۔۔۔ کیا
جسمانی طور پر ہم اس سلسلہ سے منقطع ہیں یا درحقیقت ایک سلسلہ وسائط میں بندھے ہوئے ہیں جو
علّت العلل سے شروع ہو کر ہم تک پہنچتا ہے۔ اس بحث پر غور کرنے کے لئے ہماری کتاب
۲۲ توضیح مرام اور آئینہ کمالات اسلام دیکھنی چاہیئے۔ خاص کر فرشتوں کی بحث میں جس قدر مبسوط بحث ۳۹
آئینہ کمالاتِ اسلام میں ہے اس کی نظیر کسی دوسری کتاب میں نہیں پاؤ گے۔ اور سیّد صاحب کی
خدا شناسی کا اندازہ معلوم کرنے کے لئے یہ اُن کے اقوال کافی ہیں کہ وہ مخلوقات کو مقدرِ حقیقی کے تصرفوں
اور حکومتوں سے بے نیاز کر بیٹھے ہیں۔ نہیں جانتے کہ خدا تعالےٰ کی خدائی اُس کی قدرت کاملہ سے وابستہ
ہے۔ اور قدرت اسی کا نام ہے کہ اُس کے تصرّفات اُس کی مخلوقات پر ہر آن غیر محدود ہوں۔ بلاشبہ

* نوٹ:۔ صرف اتنا ہی نہیں کہ ملائک بعض وقت نظر آتے ہیں بلکہ بسا اوقات ملائک کلام میں اپنا واسطہ ہونا ظاہر کر دیتے ہیں۔ منہ

یہ سچ ہے کہ اگر اس مخلوقات کو اُس نے پیدا کیا ہے تو اپنی غیر محدود ذات کی طرح غیر محدود تصرفات
۲۳ کی گنجائش بھی رکھی ہوگی۔ تا کسی درجہ پر اُس کی خدائی کا تعطّل لازم نہ آوے * اور اگر نعوذ باللہ

حاشیہ * اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ اس بات کے ماننے سے کہ خدا تعالےٰ کی غیر متناہی حکمت استحالاتِ غیر متناہیہ پر قادر ہے۔ حقائق اشیاء سے امان اٹھ جاتا ہے۔ مثلاً اگر خدا تعالےٰ اس بات پر قادر سمجھا جائے کہ پانی کی صورت ۴۰
نوعیہ کو سلب کرکے ہوا کی صورت نوعیہ اس جگہ رکھ دے یا ہوا کی صورت نوعیہ کو سلب کرکے آگ کی صورت نوعیہ اُس کی قائم مقام کر دے یا آگ کی صورت نوعیہ کو سلب کرکے ان مخفی اسباب سے جو اس کے علم میں ہیں پانی کی صورت نوعیہ میں لے آوے یا مٹی کو کسی زمین کی تہ میں تصرفات لطیفہ سے سونا بنا دے یا سونے کو مٹی بنا دے تو اس سے امان اٹھ جائے گا اور علوم و فنون ضائع ہو جائیں گے۔

تو اس سوال کا جواب یہ ہے کہ یہ خیال سراسر فاسد ہے۔ کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ خدا تعالیٰ اپنی مخفی حکمتوں کے تصرف سے عناصر وغیرہ کو صدہا طور کے استحالات میں ڈالتا رہتا ہے۔ ایک زمین کو ہی دیکھو کہ وہ انواع واقسام کے استحالات سے کیا کچھ بنتی رہتی ہے۔ اُسی سے سمّ الفار نکل آتا ہے اور اسی سے فاد زہر اور اسی سے سونا اور اسی سے چاندی اور اسی سے طرح طرح کے جواہرات اور ایسا ہی بخارات کا صعود ہو کر
۲۳ کیا کیا چیزیں ہیں جو جوّ آسمان میں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اُنھیں بخارات میں سے برف گرتی ہے اور انہیں سے اولے بنتے ہیں اور انہیں میں سے برق اور انہیں میں سے صاعقہ اور یہ بھی ثابت ہوا ہے کہ کبھی جوّ آسمان سے راکھ بھی گرتی ہے۔ تو کیا ان حالات سے علم باطل ہو جاتے ہیں یا امان اُٹھ جاتا ہے۔

اور اگر یہ کہو کہ ان چیزوں میں تو خدا تعالےٰ نے پہلے ہی سے ان کی فطرت میں ان تمام استحالات کا مادہ ۴۱
رکھا ہے تو ہمارا یہ جواب ہوگا کہ ہم نے کب اور کس وقت کہا ہے کہ اشیاء متنازعہ فیہا میں ایسا مادہ متشارکہ نہیں رکھا گیا بلکہ صحیح اور سچا مذہب تو یہی ہے کہ خدا تعالےٰ نے جو اپنی ذات میں واحد ہے تمام اشیاء کو شے واحد کی طرح پیدا کیا ہے تا وہ موحد واحد کی وحدانیت پر دلالت کریں سو خدا تعالےٰ نے اسی وحدانیت

آریہ ہندوؤں کا قول صحیح ہے کہ پرمیشور ارواح اور ذرّات عالم کا پیدا کرنے والا نہیں تو اس صورت
میں بلاشبہ ایسا کمزور پرمیشور کسی حد تک کچھ ضعیف سی حکومت کرکے پھر ٹھہر جائے گا اور ایک

---

۲۴ بقیہ حاشیہ

کے لحاظ سے اور نیز اپنی قدرت غیر محدودہ کے تقاضا سے استحالات کا مادہ ان میں رکھا ہے اور بجز اُن
روحوں کے جو اپنی سعادت اور شقاوت میں خَالِدِیْنَ فِیْھَا اَبَدًا کے مصداق ٹھیرائے گئے ہیں اور وعدہ الٰہی
نے ہمیشہ کے لئے ایک غیر متبدل خلقت ان کے لئے مقرر کر دی ہے باقی کوئی چیز مخلوقات میں سے استحالات
سے بچی ہوئی معلوم نہیں ہوتی بلکہ اگر غور کرکے دیکھو تو ہر وقت ہر یک جسم میں استحالہ اپنا کام کر رہا ہے
یہاں تک کہ علم طبعی کی تحقیقاتوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ تین برس تک انسان کا جسم بدل جاتا ہے اور پہلا ۴۲
جسم ذرّات ہو کر اُڑ جاتا ہے۔ مثلاً اگر پانی ہے یا آگ ہے تو وہ بھی استحالہ سے خالی نہیں اور دو طور کے استحالے
اُن پر حکومت کر رہے ہیں ایک یہ کہ بعض اجزا نکل جاتے ہیں اور بعض اجزاء جدیدہ آملتے ہیں دوسرے
یہ کہ جو اجزا نکل جاتے ہیں وہ اپنی استعداد کے موافق دوسرا جنم لے لیتے ہیں۔ غرض اس فانی دنیا کو
استحالات کے چرخ پر چڑھائے رکھنا خدا تعالیٰ کی ایک سنّت ہے اور ایک باریک نگاہ سے معلوم ہوتا
ہے کہ یہ سب چیزیں بوجہ وحدتِ مبدء فیض اپنی اصل ماہیت میں ایک ہی ہیں۔ گو ان چیزوں کا کامل
کیمیاگر انسان نہیں بن سکتا اور کیونکر بنے حکیم مطلق نے اپنے اسرار حکمیہ غیر متناہیہ پر کسی دوسرے کو محیط
نہیں کیا۔ اور اگر یہ کہو کہ اجرام علوی میں استحالات کہاں ہیں تو میں کہتا ہوں کہ بیشک اُن میں بھی استحالات ۲۵
اور تحلیلات کا مادہ ہے گو ہمیں معلوم نہ ہو۔ تبھی تو ایک دن زوال پذیر ہو جائیں گے ماسوا اس کے ہزارہا چیزوں
کے استحالات پر نظر ڈال کر ثابت ہوتا ہے کہ کوئی چیز استحالہ سے خالی نہیں سو تم پہلے زمین کے استحالات
سے انکار کرو پھر آسمان کی بات کرنا ــــ تو کار زمیں را نکو ساختی + کہ با آسماں نیز پرداختی ــــ غرض جب
انواع اقسام کے استحالات ہر روز مشاہدہ میں آتے ہیں اور وحدتِ ذات الٰہی کا یہ تقاضا بھی معلوم ہوتا ہے
کہ ان تمام چیزوں کا منبع اور مبدء ایک ہو۔ اور خدا تعالیٰ کی الوہیت تامہ بھی تبھی قائم رہ سکتی ہے کہ جب

رسوائی کے ساتھ اُس کی پردہ دری ہو گی۔ مگر ہمارا خداوند قادر مطلق ایسا نہیں ہے۔ وہ تمام ذرات عالم اور ارواح اور جمیع مخلوقات کو پیدا کرنے والا ہے۔ اُس کی قدرت کی نسبت اگر کوئی سوال کیا جائے

بقیہ حاشیہ ذرہ ذرہ پر اُس کا تصرف تام ہو۔ تو پھر یہ استبعاد اور یہ اعتراض کہ ان استحالات سے امان اٹھ جائیگا۔ اور علوم ضائع ہوں گے اگر سخت غلطی نہیں تو اور کیا ہے اور ہم جو کہتے ہیں کہ اللہ جل شانہ قادر ہے کہ پانی سے آگ کا کام لیوے یا آگ سے پانی کا کام تو اس سے یہ مطلب تو نہیں کہ اپنی حکمت غیر متناہی کو اس میں دخل نہ دے یوں ہی تحکم سے کام لے لیوے کیونکہ خدا تعالیٰ کا کوئی فعل آمیزش حکمت سے خالی نہیں اور نہ ہونا چاہئے بلکہ ہمارا یہ مطلب ہے کہ جس وقت وہ پانی سے آگ کا کام یا آگ سے پانی کا کام لینا چاہے تو اس وقت اپنی اس حکمت کو کام میں لائے گا جو اس عالم کے ذرہ ذرہ پر حکومت رکھتی ہے گو ہم اُس سے مطلع ہوں یا نہ ہوں اور ظاہر ہے کہ جو حکمت کے طور پر کام ہو وہ علوم کو ضائع نہیں کرتا بلکہ علوم کی اُس سے ترقی ہوتی ہے۔ دیکھو مصنوعی طور پر پانی کی برف بنائی جاتی ہے
۲۶ یا برقی روشنی پیدا کی جاتی ہے تو کیا اس سے امان اُٹھ جاتا ہے یا علم ضائع ہو جاتے ہیں۔

اس جگہ ایک اور سِرّ یاد رکھنے کے لائق ہے اور وہ یہ کہ اولیاء سے جو خوارق کبھی اس قسم کے ظہور ۴۳
میں آتے ہیں کہ پانی اُن کو ڈبو نہیں سکتا اور آگ ان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ اُس میں دراصل یہی بھید ہے کہ حکیم مطلق جس کی بے انتہا اسرار پر انسان حاوی نہیں ہو سکتا۔ اپنے دوستوں اور مقربوں کی توجہ کے وقت کبھی یہ کرشمہ قدرت دکھلاتا ہے کہ وہ توجہ عالم میں تصرف کرتی ہے اور بعض ایسے مخفی اسباب کے جمع ہونے سے مثلاً آگ کی حرارت اپنے اثر سے رُک سکتی ہے خواہ وہ اسباب اجرام علوی کی تاثیریں ہوں یا خود مثلاً آگ کی کوئی مخفی خاصیت یا اپنے بدن کی ہی کوئی مخفی خاصیت یا ان تمام خاصیتوں کا مجموعہ ہو وہ اسباب اُس توجہ اور اُس دعا سے حرکت میں آتے ہیں تب ایک امر خارق عادت ظاہر ہوتا ہے مگر اس سے حقائق اشیاء کا اعتبار نہیں اٹھتا اور نہ علوم ضائع ہوتے ہیں بلکہ یہ تو علوم الٰہیہ میں سے

تو بجز اُس خاص باتوں کے جواس کی صفات کاملہ اور مواعید صادقہ کے منافی ہوں۔ باقی سب امور
پروہ قادر ہے اور یہ بات کہ گو وہ قادر ہو مگر کرنا نہیں چاہتا یہ عجیب بیہودہ الزام ہے جبکہ اُس کی ۴۴

بقیہ حاشیہ خود ایک علم ہے اور یہ اپنے مقام پر ہے اور مثلاً آگ کا محرق بالخاصیت ہونا اپنے مقام پر بلکہ یوں سمجھ لیجئے کہ
یہ روحانی مواد ہیں جو آگ پر غالب آکر اپنا اثر دکھلاتے ہیں اور اپنے وقت اور محل سے خاص ہیں اس دقیقہ
۴۷ کو دنیا کی عقل نہیں سمجھ سکتی کہ انسان کامل خدا تعالےٰ کے روح کا جلوہ گاہ ہوتا ہے اور جب کبھی کامل انسان ۴۵
پر ایک ایسا وقت آجاتا ہے کہ وہ اس جلوہ کا عین وقت ہوتا ہے تو اُس وقت ہر یک چیز اُس سے ایسی
ڈرتی ہے جیسا کہ خدا تعالےٰ سے۔ اُس وقت اُس کو درندہ کے آگے ڈال دو آگ میں ڈال دو وہ اس سے
کچھ بھی نقصان نہیں اٹھائے گا کیونکہ اُس وقت خدا تعالےٰ کی روح اُس پر ہوتی ہے اور ہر ایک چیز کا
عہد ہے کہ اُس سے ڈرے۔ یہ معرفت کا ایک اخیری بھید ہے جو بغیر صحبت کاملین سمجھ میں نہیں آسکتا۔ چونکہ یہ
نہایت دقیق اور پھر نہایت درجہ نادرالوقوع ہے اس لئے ہر ایک فہم اس فلاسفی سے آگاہ نہیں مگر یاد رکھو
کہ ہر یک چیز خدا تعالےٰ کی آواز سنتی ہے۔ ہر یک چیز پر خدا تعالےٰ کا تصرّف ہے اور ہر یک چیز کی تمام ڈوریاں
خدا تعالےٰ کے ہاتھ میں ہیں اُس کی حکمت ایک بے انتہا حکمت ہے جو ہر یک ذرّہ کی جڑ تک پہنچی ہوئی ہے
اور ہر یک چیز میں اتنی ہی خاصیتیں ہیں جتنی اس کی قدرتیں ہیں جو شخص اس بات پر ایمان نہیں لاتا وہ اُس
گروہ میں داخل ہے جو مَاقَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ کے مصداق ہیں اور چونکہ انسان کامل مظہرِ اتم تمام
عالم کا ہوتا ہے اس لئے تمام عالم اُس کی طرف وقتاً فوقتاً کھینچا جاتا ہے وہ روحانی عالم کا ایک
عنکبوت ہوتا ہے اور تمام عالم اُس کی تاریں ہوتی ہیں اور خوارق کا یہی سرّ ہے۔

بر کاروبارِ ہستی اثری است عارفاں را
زجہاں چہ دید آں کس کہ نہ دید ایں جہاں را

منہ

صفات میں کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَاْنٍ بھی داخل ہے۔ اور ایسے تصرّفات کہ پانی سے برودت
۲۴ دُور کرے۔ یا آگ سے خاصیّت اِحراق زائل کر دیوے اُس کی صفات کاملہ اور مواعید صادقہ کی
منافی نہیں ہیں تو پھر کیوں تحکّم کی راہ سے کہا جائے کہ ہمیشہ کے لئے اُس پر لازم ہو گیا ہے کہ اُن
چیزوں کی خاصیّت میں کبھی تصرّف نہ کرے!!! اس لزوم پر دلیل کیا ہے اور وجہ کیا اور خدا تعالیٰ
کو اس بے وجہ التزام کی جو اُس کی خدائی کو بھی داغ لگاتا ہے ضرورت کیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے
کہ اس رسالہ میں سیّد صاحب بھی اس کمزور خیال کے بودے پن کو سمجھ گئے ہیں اس لئے اپنے
رکیک قول کے قائم رکھنے کے لئے انہوں نے ایک اور رکیک عذر پیش کیا ہے اور وہ یہ کہ خدا
۴۶ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کسی جگہ آگ کے گرم ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے اور کسی طرف پانی کے
سرد ہونے کی طرف ایما فرمایا ہے۔ اور کبھی کہا ہے کہ سورج مشرق سے مغرب کی طرف جاتا ہے
تو یہ بیانات جو حالات موجودہ کے اظہار کے لئے ہیں سیّد صاحب کی نظر میں بطور وعدہ کے ہیں
۲۵ جن میں تغییر تبدیل ممکن نہیں۔ اگر استخراج دلائل کا یہی طریق ہے تو سیّد صاحب پر بڑی مشکل پڑیگی
اور ان کو ماننا پڑے گا کہ تمام بیانات قرآن کریم کے مواعید میں داخل ہیں۔ مثلاً خدا تعالیٰ نے
جو حضرت زکریّا کو بشارت دے کر فرمایا اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ حَلِیْمٍ تو بموجب قاعدۂ سیّد صاحب
کے چاہئے تھا کہ حضرت یحییٰؑ ہمیشہ غلام یعنی لڑکے ہی رہتے کیونکہ خدا تعالیٰ نے حضرت یحییٰؑ کو
غلام کہہ کے پکارا ہے۔ اور یہ وعدہ ہو گیا۔ ایسی ہی اور بیسیوں مثالیں ہیں۔ سب کو بیان کرنا صرف
وقت ضائع کرنا ہے۔ اگر سیّد صاحب کی نظر میں واقعات موجودہ کے بیان کرنے سے آئندہ کے
لئے اور ہمیشہ کے لئے کوئی وعدہ لازم آجاتا ہے تو ان سے ڈرنا چاہئے کہ ایسا ہی وہ بات بات میں
انسانوں پر الزام لگائیں گے اور ایک موجودہ واقعہ کے بیان کرنے کو وہ ایک دائمی وعدہ سمجھ لیں گے
۲۶ میرے نزدیک بہتر ہے کہ سیّد صاحب اپنے آخری دن کو یاد کر کے چند ماہ اس عاجز کی صحبت میں

رہیں اور چونکہ مَیں مامُور ہوں اور مُبشّر ہوں اس لئے میں وعدہ کرتا ہوں کہ سیّد صاحب کے ۲۵
اطمینان کے لئے توجہ کروں گا۔ اور امید رکھتا ہوں کہ خدا تعالےٰ کوئی ایسا نشان دکھلائے کہ سیّد
صاحب کے مجوّزہ قانون قدرت کو ایک دم میں خاک میں ملا دیوے۔ اور اس قسم کے کام اب
تک بہت ظہور میں آئے ہیں کہ جو سیّد صاحب کی نظر میں قانون قدرت کے مخالف ہیں
مگر اُن کا بیان کرنا بے فائدہ ہے کہ سیّد صاحب اُس کو ایک قصہ سمجھیں گے۔ سیّد صاحب
وحی ولایت کی ایسی پیشگوئیوں سے بھی تو منکر ہیں جو بذریعہ الہام اولیاء اللہ کو معلوم ہوتی ہیں
۲۷ اور ان کی نظر میں وہ ایسی ہی خلاف قانون قدرت ہیں جیسا کہ آگ کا اپنی خاصیّت اِحراق کو
کو چھوڑ دینا۔ ایسا ہی دعا کی ذاتی تاثیرات بھی جن کے ذریعہ سے وُہ مطلب حاصل ہو جاتا ہے
جس کے لئے دعا کی گئی۔ سیّد صاحب کی نظر میں خلاف قانون قدرت ہیں۔ سو اگر سیّد صاحب
میرے پاس آ نہیں سکتے تو ان دونوں باتوں میں ہی وعدہ قبول حق کر کے مجھ کو اجازت دیں کہ
اُن کی نسبت جناب الٰہی میں توجہ کر کے جو کچھ ظاہر ہو وہ شائع کروں اس سے عام لوگوں کو ۲۸
فائدہ ہو جائے گا۔ اگر سیّد صاحب کی رائے درحقیقت درست ہے تو میں اپنے مطلب میں
کامیاب نہیں ہوں گا۔ ورنہ عقلمند لوگ سیّد صاحب کی خراب عقیدوں سے نجات پا کر
پھر اپنے عظیم الشان خدا تعالےٰ کو پہچان لیں گے۔ اور محبت سے اُس کی طرف رجوع کریں گے
۲۸ اور دعا کے وقت اُس کی رحمتوں سے نا اُمید نہیں ہوں گے اور ہاتھ اٹھانے کے وقت لذّت
اٹھائیں گے۔ اور خدا تعالےٰ کے وجود کا فائدہ بھی تو یہی ہے کہ ہماری دعائیں سُنے اور آپ
اپنے وجود سے ہمیں خبر دے نہ کہ ہم ہزار ہزار تکلیف سے ایک بُت کی طرح ایک فرضی خدا دل
میں قائم کریں جس کی ہم آواز نہیں سُن سکتے۔ اور اُس کی نمایاں قدرت کا کوئی جلوہ نہیں دیکھ سکتے
یقیناً سمجھو کہ وہ قادر خدا موجود ہے۔ جو ہر چیز پر قادر ہے۔ وَمَا غُلَّتْ اَیْدِیَہٗ بَلْ یَدَاہُ مَبْسُوْطَتَانِ

يُنفِقُ كَيفَ يَشَاءُ وَيَفعَلُ مَا يُرِيدُ۔ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۔ وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔

●

۴۹ روئے دلبر از طلبگاراں نمے دارد حجاب — می درخشد در خور و می تابد اندر ماہتاب
لیکن آں روئے حسیں از غافلاں ماند نہاں — عاشقے باید کہ بردارند از بہرش نقاب
دامن پاکش ز نخوت ہا نہ می آید بدست — ہیچ راہے نیست غیر از عجز و درد و اضطراب
بس خطرناک است راہِ کوچۂ یارِ قدیم — جاں سلامت بایدت از خود روی ہا سر بتاب
تا کلامش فہم و عقلِ ناسزایاں کم رسد — ہر کہ از خود گم شود او یابد آں راہِ صواب
مشکلِ قرآں نہ از ابناءِ دنیا حل شود — ذوق آں می داند آں مستی کہ نوشد آں شراب
اے کہ آگاہی ندادندت ز انوارِ دروں — در حقِ ما ہر چہ گوئی نیستی جائے عتاب
از سرِ وعظ و نصیحت ایں سخن ہا گفتہ ایم — تا مگر زیں مرہمے بہ گردد آں زخمِ خراب
از دعا کن چارۂ آزارِ انکارِ دعاء — چوں علاجِ مے ز مَی وقتِ خمار و التہاب
اے کہ گوئی گر دعا ہا را اثر بودے کجاست — سوئے من بشتاب بنمایم ترا چوں آفتاب

ہاں مکن انکار زیں اسرارِ قدرت ہائے حق
قصہ کوتہ کن ببیں از ما دعائے مستجاب

۴۹ (دیکھو صفحہ ۴۰ تا ۴۴ کتاب ہٰذا)

۲۹ اس کو غور سے پڑھو کہ اس میں آپ لوگوں کیلئے خوشخبری ہے

۵۰

●

بخدمتِ امراء و رئیسان و مُنعمان ذی مَقدرت و والیان اربابِ حکومت و منزلت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ

اے بزرگانِ اسلام! خدا تعالےٰ آپ لوگوں کے دلوں میں تمام فرقوں سے بڑھ کر نیک ارادے پیدا کرے اور اس نازک وقت میں آپ لوگوں کو اپنے پیارے دین کا سچا خادم بنادے۔ میں اس وقت محض للہ اس ضروری امر سے اطلاع دیتا ہوں کہ **مجھے** خدا تعالےٰ نے اس **چودھویں صدی** کے سر پر اپنی طرف سے **مامور** کر کے دین متین **اسلام** کی **تجدید** اور تائید کے لئے بھیجا ہے تاکہ میں اس پُر آشوب زمانہ میں **قرآن** کی خوبیاں اور حضرت رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمتیں ظاہر کروں اور اُن تمام دشمنوں کو جو اسلام پر حملہ کر رہے ہیں اُن نوروں اور برکات اور خوارق اور علوم لدنیّہ کی مدد سے جواب دوں جو مجھ کو عطا کئے گئے ہیں۔ سو یہ کام برابر دس برس سے ہو رہا ہے۔ لیکن چونکہ وہ تمام ضرورتیں جو ہم کو اشاعت اسلام کے لئے درپیش ہیں بہت سی مالی امدادات کی محتاج ہیں اس لئے میں نے ضروری سمجھا کہ بطور تبلیغ آپ صاحبوں کو اطلاع دوں۔ سو سنو، اے

عالی جاہ بزرگو! ہمارے لئے اللہ جلّ شانہٗ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی راہ میں یہ مشکلات درپیش ہیں کہ ایسی تالیفات کے لئے جو لاکھوں آدمیوں میں پھیلانی چاہئیں بہت سے سرمایہ کی حاجت ہے اور اب صورت یہ ہے کہ اوّل تو ان بڑے بڑے مقاصد کے لئے کچھ بھی سرمایہ کا ۳۰
بندوبست نہیں اور اگر بعض پُرجوش مردانِ دین* کی ہمّت اور اعانت سے کوئی کتاب تالیف ہو کر شائع ہو تو باعث کم توجہی اور غفلت زمانہ کے وہ کتاب بجز چند نسخوں کے زیادہ فروخت نہیں ہوتی اور اکثر نسخے اس کے یا تو سالہا سال صندوقوں میں بند رہتے ہیں یا للہ مفت تقسیم کئے جاتے ہیں اور اس طرح اشاعت ضروریات دین میں بہت سا حرج ہو رہا ہے۔ اور گو خدا تعالیٰ اس جماعت کو دن بدن زیادہ کرتا جاتا ہے مگر ابھی تک ایسے دولتمندوں میں سے ہمارے ساتھ کوئی بھی نہیں کہ کوئی حصہ معتدبہ اس خدمت اسلام کا اپنے ذمہ لے لے اور چونکہ یہ عاجز خدا تعالیٰ سے مامور ہو کر تجدید دین کے لئے آیا ہے اور مجھے اللہ جلّ شانہٗ نے یہ خوشخبری بھی دی ہے کہ وہ بعض امراء اور ملوک کو بھی ہمارے گروہ میں داخل کرے گا اور مجھے اُس نے فرمایا کہ میں تجھے برکت پر برکت دوں گا یہاں تک کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔ سو اسی بناء پر آج مجھے خیال آیا کہ میں ارباب دولت اور مقدرت کو اپنے کام کی نصرت کیلئے تحریک کروں۔

اور چونکہ یہ دینی مدد کا کام ایک عظیم الشان کام ہے اور انسان اپنے شکوک اور شبہات اور وساوس سے خالی نہیں ہوتا اور بغیر شناخت وہ صدق بھی پیدا نہیں ہوتا جس سے ایسی بڑی مددوں کا حوصلہ ہو سکے اس لئے میں تمام امراء کی خدمت میں بطور عام اعلان کے لکھتا ہوں

حاشیہ * پُرجوش مردان دین سے مراد اس جگہ اخویم حضرت مولوی حکیم نورالدین صاحب بھیروی ہیں جنہوں نے گویا اپنا تمام مال اسی راہ میں لٹا دیا ہے اور بعد ان کے میرے دلی دوست حکیم فضل الدین صاحب اور نواب محمد علی خاں صاحب کوٹلہ مالیر اور درجہ بدرجہ تمام وہ مخلص دوست ہیں جو اس راہ میں فدا ہو رہے ہیں۔ منہ

کہ اگر اُن کو بغیر آزمائش ایسی مدد میں تأمّل ہو تو وہ اپنے بعض مقاصد اور مہمات اور مشکلات کو
اس غرض سے میری طرف لکھ بھیجیں کہ تا میں اُن مقاصد کے پورے ہونے کے لئے دعا کروں۔ ۵۱
مگر اس بات کو تصریح سے لکھ بھیجیں کہ وہ مطلب کے پورا ہونے کے وقت کہاں تک ہمیں اسلام کی
راہ میں مالی مدد دیں گے اور کیا انہوں نے اپنے دلوں میں پختہ اور حتمی وعدہ کر لیا ہے کہ ضرور وہ اس
قدر مدد دیں گے اگر ایسا خط* کسی صاحب کی طرف سے مجھ کو پہنچا تو میں اس کے لئے دعاء ۴۱
کروں گا اور میں یقین رکھتا ہوں کہ بشرطیکہ تقدیر مبرم نہ ہو ضرور خدا تعالےٰ میری دعا سُنے گا اور
مجھ کو الہام کے ذریعہ سے اطلاع دے گا۔ اس بات سے نا اُمید مت ہو کہ ہمارے مقاصد بہت
پیچیدہ ہیں کیونکہ خدا تعالےٰ ہر چیز پر قادر ہے بشرطیکہ ارادہ ازلی اُس کے مخالف نہ ہو۔ اور اگر ایسے
صاحبوں کی بہت سی درخواستیں آئیں تو صرف ان کو اطلاع دی جائے گی جن کے کشود کار کی نسبت
از جانب حضرت عزّ وجلّ خوشخبری ملے گی۔ اور یہ امور منکرین کے لئے نشان بھی ہوں گے۔ اور
شاید یہ نشان اس قدر ہو جائیں کہ دریا کی طرح بہنے لگیں۔ بالآخر میں ہر ایک مسلمان کی خدمت میں
نصیحتاً کہتا ہوں کہ اسلام کے لئے جاگو کہ اسلام سخت فتنہ میں پڑا ہے اس کی مدد کرو کہ اب یہ
غریب ہے اور میں اسی لئے آیا ہوں اور مجھے خدا تعالےٰ نے علم قرآن بخشا ہے اور حقائق معارف
اپنی کتاب کے میرے پر کھولے ہیں اور خوارق مجھے عطا کئے ہیں سو میری طرف آؤ تا اُس
نعمت سے تم بھی حصہ پاؤ۔ مجھے قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ میں
خدا تعالےٰ کی طرف سے بھیجا گیا ہوں۔ کیا ضرور نہ تھا کہ ایسی عظیم الفتن صدی کے سر پر جس کی

حاشیہ * چاہئے کہ خط نہایت احتیاط سے بذریعہ رجسٹری سربمہر آوے اور اُس راز کو قبل از وقت فاش نہ کیا جاوے اور
اس جگہ بھی پوری امانت کے ساتھ وہ راز مخفی رکھا جائے گا اور اگر بجائے خط کوئی معتبر کسی امیر کا آوے
تو یہ امر اور بھی زیادہ مؤثر ہو گا۔ منہ

کھلی کھلی آفات ہیں ایک مجدد کھلے کھلے دعوے کے ساتھ آتا سو عنقریب میرے کاموں کے ساتھ تم مجھے شناخت کروگے ہر ایک جو خدا تعالیٰ کی طرف سے آیا اُس وقت کے علماء کی ناسمجھی اس کی سدّ راہ ہوئی آخر جب وہ پہچانا گیا تو اپنے کاموں سے پہچانا گیا کہ تلخ درخت شیریں پھل نہیں لا سکتا اور خدا غیر کو وہ برکتیں نہیں دیتا جو خاصوں کو دی جاتی ہیں۔ اے لوگو! اسلام نہایت ضعیف ہوگیا ہے اور اعداء دین کا چاروں طرف سے محاصرہ ہے اور تین ہزار سے زیادہ مجموعہ اعتراضات
کا ہوگیا ہے ایسے وقت میں ہمدردی سے اپنا ایمان دکھاؤ اور مردانِ خدا میں جگہ پاؤ۔ وَالسَّلَامُ ۲۴
عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی

بیکسی شُد دینِ احمدؐ ہیچ خویش و یار نیست — ہر کسے در کارِ خود با دینِ احمدؐ کار نیست
ہر طرف سیلِ ضلالت صد ہزاراں تن ربود — حیف بر چشمے کہ اکنوں نیز ہم ہشیار نیست
اے خداوندانِ نعمت ایں چنیں غفلت چرا ست — بیخود از خوابید یا خود بختِ دیں بیدار نیست ۵۲
اے مسلماناں خدارا یک نظر بر حالِ دیں — آنچہ می بینم بلاہا حاجتِ اظہار نیست
آتش افتاد است در رختش بخیزید اے یلاں — دیدنش از دور کارِ مردمِ دیندار نیست
ہر زماں از بہرِ دیں در خوں دلِ من می تپد — محرمِ ایں درد ما جز عالمِ اسرار نیست
آنچہ بر ما می رود از غم کہ داند جز خدا — زہر مے نوشیم لیکن زہرۂ گفتار نیست
ہر کسے غمخوارئے اہل و اقارب مے کند — ای دریغ ایں بیکسے را ہیچ کس غمخوار نیست
خونِ دیں بینم رواں چوں کشتگانِ کربلا — اے عجب ایں مردماں را مہرِ آں دلدار نیست
حیرتم آید چو بینم بذلِ شاں در کارِ نفس — کایں ہمہ جود و سخاوت در رہِ دادار نیست
ای کہ داری مقدرت ہم عزم تائیداتِ دیں — لطف کن ما را نظر بر اندک و بسیار نیست

بیں کہ چوں در خاک می غلطد زجور ناکساں — آنکہ مثل او بزیر گنبد دوّار نیست
اندریں وقتِ مصیبت چارۂ مابیکساں — جُز دعائے بامداد و گریۂ اسحار نیست
اے خدا ہرگز مکن شاد آں دلِ تاریک را — آنکہ او را فکرِ دینِ احمد مختار نیست

اے برادر پنج روز ایّامِ عشرت ہا بوَد
دائماً عیش و بہارِ گلشن و گلزار نیست

•

الراقم مرزا غلام احمدؐ از قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

نمونہ دعائے مستجاب

انیس ہند (میرٹھ) اور ہماری پیشگوئی پر اعتراض

۵۳

اس اخبار کا پرچہ مطبوعہ ۲۵ مارچ ۱۸۹۳ء جس میں میری اُس پیشگوئی کی نسبت جو لیکھرام پشاوری کے بارے میں مَیں نے شائع کی تھی کچھ نکتہ چینی ہے مجھ کو ملا۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ بعض اور اخباروں پر بھی یہ کلمۃ الحق شاق گذرا ہے اور حقیقت میں میرے لئے خوشی کا مقام ہے۔ کہ یوں خود مخالفوں کے ہاتھوں اس کی شہرت اور اشاعت ہو رہی ہے۔ سو میں اس وقت اس نکتہ چینی کے جواب میں صرف اس قدر لکھنا کافی سمجھتا ہوں کہ جس طور اور طریق سے خدا تعالیٰ نے چاہا اُسی طور سے کیا۔ میرا اس میں دخل نہیں ہاں یہ سوال کہ ایسی پیشگوئی مفید نہیں ہوگی اور اس میں شبہات باقی رہ جائیں گے۔ اس اعتراض کی نسبت میں خوب سمجھتا ہوں کہ یہ پیش از وقت ہے میں اس بات کا خود اقراری ہوں اور اب پھر اقرار کرتا ہوں کہ اگر جیسا کہ معترضوں نے خیال فرمایا ہے پیشگوئی کا ماحصل آخر کار یہی نکلا کہ معمولی تپ آیا یا معمولی طور پر کوئی درد ہوا یا ہیضہ ہوا اور پھر اصلی حالت صحت کی قائم ہو گئی تو وہ پیشگوئی متصوّر نہیں ہوگی اور بلاشبہ ایک مکر اور فریب ہوگا۔ کیونکہ ایسی بیماریوں سے تو کوئی بھی خالی نہیں ہم سب کبھی نہ کبھی بیمار ہو جاتے ہیں۔ پس اس صورت میں بلاشبہ مَیں اُس سزا کے لائق ٹھیروں گا جس کا ذکر میں نے کیا ہے۔ لیکن اگر پیشگوئی کا ظہور اُس طور سے ہوا کہ جس میں قہر الٰہی کے نشان صاف صاف اور کھلے طور پر دکھائی دیں تو پھر سمجھو کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

اصل حقیقت یہ ہے کہ پیشگوئی کی ذاتی عظمت اور ہیبت دنوں اور وقتوں کے مقرر کرنے

کی محتاج نہیں اس بارے میں تو زمانہ نزولِ عذاب کی ایک حد مقرر کر دینا کافی ہے پھر اگر پیشگوئی فی الواقعہ ایک عظیم الشان ہیبت کے ساتھ ظہور پذیر ہو تو وہ خود دلوں کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے اور یہ سارے خیالات اور یہ تمام نکتہ چینیاں جو پیش از وقت دلوں میں پیدا ہوتی ہیں ایسی معدوم ہو جاتی ہیں کہ منصف مزاج اہل الرائے ایک انفعال کے ساتھ اپنی رایوں سے رجوع کرتے ہیں۔ ماسوا اس کے یہ عاجز بھی تو قانون قدرت کے تحت ہے۔ اگر میری طرف سے بنیاد اس پیشگوئی کی صرف اسی قدر ہے کہ میں نے صرف یاوہ گوئی کے طور پر چند احتمالی بیماریوں کو ذہن میں رکھ کر اور اٹکل سے کام لے کر یہ پیشگوئی شائع کی ہے تو جس شخص کی نسبت یہ پیشگوئی ہے وہ بھی تو ایسا کر سکتا ہے کہ انہیں اٹکلوں کی بنیاد پر میری نسبت کوئی پیشگوئی کر دے بلکہ میں راضی ہوں کہ بجائے چھ برس کے جو میں نے اس کے حق میں میعاد مقرر کی ہے وہ میرے لئے دس برس لکھ دے لیکھرام کی عمر اس وقت شاید زیادہ سے زیادہ تیس برس کی ہوگی اور وہ ایک جوان قوی ہیکل عمدہ صحت کا آدمی ہے اور اس عاجز کی عمر اس وقت پچاس برس سے کچھ زیادہ ہے اور ضعیف اور دائم المرض اور طرح طرح کے عوارض میں مبتلا ہے۔ پھر باوجود اس کے مقابلہ میں خود معلوم ہو جائیگا کہ کونسی بات انسان کی طرف سے ہے اور کونسی بات خدا تعالیٰ کی طرف سے۔ اور معترض کا یہ کہنا کہ ایسی پیشگوئیوں کا اب زمانہ نہیں ہے ایک معمولی فقرہ ہے جو اکثر لوگ منہ سے بول دیا کرتے ہیں میری دانست میں تو مضبوط اور کامل صداقتوں کے قبول کرنے کیلئے یہ ایک ایسا زمانہ ہے کہ شاید اس کی نظیر پہلے زمانوں میں کوئی بھی نہ مل سکے۔ ہاں اس زمانہ سے کوئی فریب اور مکر مخفی نہیں رہ سکتا مگر یہ تو راستبازوں کے لئے اور بھی خوشی کا مقام ہے کیونکہ جو شخص فریب اور سچ میں فرق کرنا جانتا ہے وہی سچائی کی دل سے عزت کرتا ہے۔ اور بخوشی اور دوڑ کر سچائی کو قبول کر لیتا ہے اور سچائی میں کچھ ایسی کشش ہوتی ہے کہ وہ آپ قبول کرا لیتی ہے۔ ظاہر ہے کہ زمانہ صدہا ایسی نئی باتوں کو قبول کرتا جاتا ہے جو لوگوں کے

باپ دادوں نے قبول نہیں کی تھیں۔ اگر زمانہ صداقتوں کا پیاسا نہیں تو پھر کیوں ایک عظیم الشان انقلاب اُس میں شروع ہے زمانہ بیشک حقیقی صداقتوں کا دوست ہے نہ دشمن اور یہ کہنا کہ زمانہ عقلمند ہے اور سیدھے سادے لوگوں کا وقت گذر گیا ہے یہ دوسرے لفظوں میں زمانہ کی مذمّت ہے گویا یہ زمانہ ایک ایسا بدزمانہ ہے کہ سچّائی کو واقعی طور پر سچائی پا کر پھر اُس کو قبول نہیں کرتا۔ لیکن میں ہرگز قبول نہیں کروں گا۔ کہ فی الواقع ایسا ہی ہے کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ زیادہ تر میری طرف رجوع کرنے والے اور مجھ سے فائدہ اُٹھانے والے وہی لوگ ہیں جو نو تعلیم یافتہ ہیں جو بعض اُن میں سے بی۔ اے اور ایم۔ اے تک پہنچے ہوئے ہیں اور میں یہ بھی دیکھتا ہوں کہ یہ نو تعلیم یافتہ لوگوں کا گروہ صداقتوں کو بڑے شوق سے قبول کرتا جاتا ہے اور صرف اسی قدر نہیں بلکہ ایک نومسلم اور تعلیم یافتہ یورپین انگریزوں کا گروہ جن کی سکونت مدراس کے احاطہ میں ہے ہماری جماعت میں شامل اور تمام صداقتوں پر یقین رکھتے ہیں۔ اب میں خیال کرتا ہوں کہ میں نے وہ تمام باتیں لکھ دی ہیں جو ایک خدا ترس آدمی کے سمجھنے کے لئے کافی ہیں۔ آریوں کا اختیار ہے کہ میرے اس مضمون پر بھی اپنی طرف سے جس طرح چاہیں حاشیے چڑھائیں مجھے اس بات پر کچھ بھی نظر نہیں۔ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ اس وقت اس پیشگوئی کی تعریف کرنا یا مذمّت کرنا دونوں برابر ہیں اگر یہ خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے اور میں خوب جانتا ہوں کہ اُسی کی طرف سے ہے تو ضرور ہیبت ناک نشان کے ساتھ اس کا وقوعہ ہوگا اور دلوں کو ہلا دے گا اور اگر اُس کی طرف سے نہیں تو پھر میری ذلّت ظاہر ہوگی اور اگر میں اسوقت رکیک تاویلیں کرونگا تو یہ اور بھی ذلّت کا موجب ہوگا وہ ہستی قدیم اور وہ پاک و قدّوس جو تمام اختیارات اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے۔ وہ کاذب کو کبھی عزّت نہیں دیتا یہ بالکل غلط بات ہے کہ لیکھرام سے مجھ کو کوئی ذاتی عداوت ہے مجھ کو ذاتی طور پر کسی سے بھی عداوت نہیں بلکہ اس شخص نے سچّائی سے دشمنی کی۔ اور ایک ایسے کامل اور مقدّس کو جو تمام سچائیوں کا چشمہ تھا توہین سے یاد کیا اس لئے خدا تعالےٰ

نے چاہا کہ اپنے ایک پیارے کی دنیا میں عزت ظاہر کرے۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی۔

لیکھرام پشاوری کی نسبت ایک اور خبر ۵۴

آج جو ۲ را پریل ۱۸۹۳ء مطابق ۱۴ رماہ رمضان ۱۳۱۰ھ ہے۔ صبح کے وقت تھوڑی سی غنودگی کی حالت میں میں نے دیکھا کہ مَیں ایک وسیع مکان میں بیٹھا ہوا ہوں اور چند دوست بھی میرے پاس موجود ہیں اتنے میں ایک شخص قوی ہیکل مہیب شکل گویا اُس کے چہرہ پر سے خون ٹپکتا ہے میرے سامنے آکر کھڑا ہوگیا میں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ ایک نئی خلقت اور شمائل کا شخص ہے گویا انسان نہیں ملائک شداد غلاظ میں سے ہے اور اُس کی ہیبت دلوں پر طاری تھی اور میں اُس کو دیکھتا ہی تھا کہ اُس نے مجھ سے پوچھا کہ لیکھرام کہاں ہے اور ایک اور شخص کا نام لیا کہ وہ کہاں ہے تب میں نے اسوقت سمجھا کہ یہ شخص لیکھرام اور اُس دوسرے شخص کی سزادہی کے لئے مامور کیا گیا ہے مگر مجھے معلوم نہیں رہا کہ وہ دوسرا شخص کون ہے ہاں یہ یقینی طور پر یاد رہا ہے کہ وہ دوسرا شخص اُنہیں چند آدمیوں میں سے تھا جن کی نسبت میں اشتہار دے چکا ہوں۔ اور یہ یکشنبہ کا دن اور ۴ بجے صبح کا وقت تھا۔

فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذَالِکَ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰھم صل علیٰ محمد افضل الرسل خاتم النبیین

اشتہار

کتاب براہین احمدیہ جس کو خدا تعالیٰ کی طرف سے مؤلف نے ملہم و مامور ہو کر بغرض اصلاح و تجدید دین تالیف کیا ہے جس کے ساتھ دس ہزار روپیہ کا اشتہار ہے جس کا خلاصہ مطلب یہ ہے۔ دنیا میں من جانب اللہ اور سچا مذہب جس کے ذریعہ سے انسان خدا تعالیٰ کو ہر ایک عیب اور نقص سے بری سمجھ کر اُس کی تمام پاک اور کامل صفتوں پر دلی یقین سے ایمان لاتا ہے وہ صرف **اسلام** ہے جس میں سچائی کی برکتیں آفتاب کی طرح چمک رہی ہیں اور صداقت کی روشنی دن کی طرح ظاہر ہو رہی ہے اور دوسرے تمام مذہب ایسے بدیہی البطلان ہیں کہ نہ عقلی تحقیقات سے اُن کے اصول صحیح اور درست ثابت ہوتے ہیں اور نہ ان پر چلنے سے ایک ذرّہ روحانی برکت و قبولیتِ الٰہی مل سکتی ہے بلکہ اُن کی پابندی سے انسان نہایت درجہ کا کور باطن اور سیہ دل ہو جاتا ہے جس کی شقاوت پر اسی جہان میں نشانیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

اس کتاب میں دین اسلام کی سچائی کو دو طرح پر ثابت کیا گیا ہے۔ اوّل تین سو مضبوط اور قوی دلائل عقلیہ سے جن کی شان و شوکت و قدر و منزلت اس سے ظاہر ہے کہ اگر کوئی مخالف اسلام اُن دلائل کو توڑ دے تو اس کو دس ہزار روپیہ دینے کا اشتہار دیا ہوا ہے اگر کوئی چاہے تو اپنی تسلّی کے لئے عدالت میں رجسٹری بھی کرالے دوم اُن آسمانی نشانوں سے کہ جو سچے دین کی

کامل سچائی ثابت ہونے کے لیئے ازبس ضروری ہیں۔اس امر دوم میں مؤلف نے اس غرض سے کہ سچائی دین اسلام کی آفتاب کی طرح روشن ہوجائے **تین قسم** کے نشان ثابت کرکے دکھائے ہیں **اوّل** وہ نشان جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مخالفین نے خود حضرت ممدوح کے ہاتھ سے اور آنجناب کی دعا اور توجہ اور برکت سے ظاہر ہوتے دیکھے جن کو مؤلف یعنی اس خاکسار نے تاریخی طور پر ایک اعلیٰ درجہ کے ثبوت سے مخصوص وممتاز کرکے درج کتاب کیا ہے **دوم** وہ نشان کہ جو خود قرآن شریف کی ذات بابرکات میں دائمی اور ابدی اور بے مثل طور پر پائے جاتے ہیں جن کو راقم نے بیان شافی اور کافی سے ایک خاص و عام پر کھول دیا ہے اور کسی نوع کا عذر کسی کے لیئے باقی نہیں رکھا۔ **سوم** وہ نشان کہ جو کتاب اللہ کی پیروی اور متابعت رسول برحق سے کسی شخص تابع کو بطور وراثت ملتی ہیں جن کے اثبات میں اس بندہ درگاہ نے بفضل خداوند حضرت قادر مطلق یہ بدیہی ثبوت دکھلایا ہے کہ بہت سے سچّے الہامات اور خوارق اور کرامات اور اخبار غیبیہ اور اسرار لدُنیہ اور کشوف صادقہ اور دعائیں قبول شدہ جو خود اس خادم دین سے صادر ہوئی ہیں اور جن کی صداقت پر بہت سے مخالفین مذہب (آریوں وغیرہ سے) بشہادت رویت گواہ ہیں کتاب موصوف میں درج کئے ہیں اور مصنّف کو اس بات کا بھی علم دیا گیا ہے کہ وہ مجدّد وقت ہے اور روحانی طور پر اس کے کمالات مسیح بن مریم کے کمالات سے مشابہ ہیں اور ایک کو دوسرے سے بشدّت مناسبت ومشابہت ہے اور اس کو خواص انبیاء ورسلؑ کے نمونہ پر محض ببرکت متابعت حضرت خیر البشر وافضل الرّسل صلّی اللہ علیہ وسلّم اُن بہتوں پر اکابر اولیاء سے **فضیلت** دی گئی ہے کہ جو اس سے پہلے گذر چکے ہیں اور اُسکے قدم پر چلنا موجب نجات وسعادت وبرکت اور اُسکے برخلاف چلنا موجب بُعد وحرمان ہے یہ سب ثبوت کتاب براہین احمدیہ کے پڑھنے سے جو منجملہ تین سو جزو کے قریب ۳۷ جزو کے چھپ چکی ہے ظاہر ہوتے ہیں اور طالب حق کیلئے خود مصنّف پوری پوری تسلّی وتشفّی کرنے کو ہر وقت مستعد اور حاضر ہے۔ وَذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ وَلَا فَخْرَ وَالسَّلَامُ عَلٰے

، مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی ۔

اور اگر اس اشتہار کے بعد بھی کوئی شخص سچا طالب بن کر اپنی عُقدہ کشائی نہ چاہے اور دلی صدق سے حاضر نہ ہو تو ہماری طرف سے اُس پر اتمام حجّت ہے جس کا خدا تعالےٰ کے رُوبرُو اُس کو جواب دینا پڑے گا۔ بالآخر اس اشتہار کو اس دعا پر ختم کیا جاتا ہے کہ اے خداوندکریم تمام قوموں کے مُستعد دلوں کو ہدایت بخش، تا تیرے رسول مقبول افضل الرسل محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور تیرے کامل اور مقدس کلام قرآن شریف پر ایمان لاویں اور اس کے حکموں پر چلیں تا اُن تمام برکتوں اور سعادتوں اور حقیقی خوشحالیوں سے متمتع ہو جاویں کہ جو سچّے مسلمان کو دونوں جہانوں میں ملتی ہیں اور اُس جاودانی نجات اور حیات سے بہرہ ور ہوں کہ جو نہ صرف عقبیٰ میں حاصل ہو سکتی ہے بلکہ سچّے راستباز اسی دنیا میں اس کو پاتے ہیں ۔ بالخصوص قوم انگریز جنہوں نے ابھی تک اس آفتابِ صداقت سے کچھ روشنی حاصل نہیں کی اور جن کی شائستہ اور مہذّب اور بارحم گورنمنٹ نے ہم کو اپنے احسانات اور دوستانہ معاملت سے ممنون کرکے اس بات کے لئے دلی جوش بخشا ہے کہ ہم ان کے دنیا و دین کیلئے دلی جوش سے بہبودی و سلامتی چاہیں تا ان کے گورے وسپید منہ جس طرح دنیا میں خوبصورت ہیں آخرت میں نورانی و منوّر ہوں ۔ فَنَسْئَلُ اللّٰہَ تَعَالٰی خَیْرَھُمْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اَللّٰھُمَّ اِھْدِھِمْ بِرُوْحٍ مِّنْکَ وَاجْعَلْ لَھُمْ حَظًّا کَثِیْرًا فِیْ دِیْنِکَ وَاجْذِبْھُمْ بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ لِیُؤْمِنُوْا بِکِتَابِکَ وَرَسُوْلِکَ وَیَدْخُلُوْا فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا ۔ اٰمِیْن ثُمَّ اٰمِیْن وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔

المشتھر

خاکسار مرزا غلام احمد از قادیان ضلع گورداسپور (پنجاب)